I am saying I apologize for anything considered unparliamentary by my friends......

(Interruptions)

Mr. Chairman : The Member should start taking oath.

مسٹر تاج محمد خانزادہ : (کیمبلپور - ۱)-

خان تاج محمد خان : (میانوالی ۵)

چودھری طالب حسین (لائلپور ۶) -

راجہ محمد افضل — پوانٹ آف آرڈر- جناب صدر میں کل کے واقعہ کے متعلق ھاؤس سے معزرت مانگنا چاھتا ھوں اور عوام سے بھی- چونکہ کل پہلی دفعہ میں تین سال کے بعد ایک تقریب میں گیا . . .

(شور)

مسٹر چیئرمین : کیا یہ پوائنٹ آف آرڈر ہے ؟

راجہ محمد افضل :میں معافی مانگتا ھوں کہ . . .

مسٹر چیئرمین صاحب : اگر آپ نے کوئی سوال اٹھانا ھو تو رسم حلف وفاداری کے بعد اٹھائیں اس کے ختم ھونے پر آپ جو کچھ کہنا چاھتے ھیں کہہ لیں - لیکن یہ بہت اھم کام ہے - اس کو ختم کرنے کے بعد جب ھم فارغ ھوں گے تو آپ پوائنٹ آف آرڈر اٹھائیں اور ھاؤس بھی آپ کو اجازت دے گا -

اب مسٹر عمر حیات خاں حلف وفاداری اٹھائیں

رائے عمر حیات خاں (لائل پور ۹)

میاں ظہور احمد (لائلپور ۱۳)

ملک ثناء اللہ خاں (سیالکوٹ ۳)

ایک ممبر : پوائنٹ آف آرڈر . . . .

Mr. Chairman : Just a Second, there is some urgent business you may take up your Point at a later stage.

قرار داد تعزیت برائے نوابزادہ سردار محمد خاں لغاری و سید امیر حسین شاہ

I معزز اراکین اسمبلی - ھمارے دو معزز اراکین وفات پا چکے ھیں - اس سلسلہ میں مجھے قائد ایوان کی طرف سے دو قرار دادیں اظہار تعزیت کے لئے موصول ھوئی ھیں وہ میں آپ کے روبرو پڑھ کر سناتا ھوں۔

(۱) ”یہ اسمبلی سابق وزیر صوبہ پنجاب و ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب نوابزادہ سردار محمد خان لغاری جنہوں نے اس صوبہ

کے لئے گراں قدر خدمات انجام دی ہیں، کی وفات حسرت آیات پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتی ہے اور دعا کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں ممتاز جگہ عطا فرمائے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے،، آمین ۔

(۲) ،،یہ اسمبلی سید امیر حسین شاہ صاحب ممبر صوبائی اسمبلی کی وفات حسرت آیات پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتی ہے اور دعا کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں ممتاز جگہ عطا فرمائے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے،، آمین ۔

Begum [illegible]: Mr. Speaker Sir, I think we should also pray for the integrity and solidity of Pakistan.

وزیر اعلیٰ — جناب والا ! میں یہ تجویز پیش کروں گا کہ ان کے لئے باقاعدہ دعائے مغفرت کی جائے ۔

ایصال ثواب برائے شہدائے پاک بھارت جنگ ۱۹۷۱ء

مسٹر چیئرمین : معزز اراکین اسمبلی شہداء کے سلسلہ میں کل چند فاضل اراکین نے اس ہاؤس میں دعائے مغفرت کے لئے تجویز پیش کی تھی ۔ اس کے متعلق یہ فیصلہ ہوا تھا کہ اس معزز ایوان میں ان کے لئے فاتحہ خوانی ہوگی ۔ اسی طرح ان دو صاحبان لغاری اور سید امیر حسین شاہ صاحب کے متعلق بھی میں یہ عرض کروں گا کہ ان کے لئے بھی فاتحہ خوانی ہونی چاہئے ۔

خان امیر عبداللہ خان [illegible] : جناب والا ! میں یہ عرض کروں گا کہ سب سے پہلے شہداء کا ریزولیوشن آنا چاہئے ۔ دوسرے دو معزز اراکین اسمبلی بھی ہمارے بھائی تھے ان کے لئے دعائے مغفرت ہونی چاہئے ۔ شہداء نے شہادت کا درجہ حاصل کیا ہے ۔ انہوں نے اس ملک کو حاصل کیا ہے ۔ انہوں نے اپنی جانیں اس ملک کے لئے قربان کی ہیں ۔ ہر کام کا الگ الگ درجہ ہوتا ہے ۔ میں عرض کروں گا کہ سب سے پہلے شہداء کا درجہ ہے اس کے بعد میرے دوسرے دوستوں کا درجہ ہے اس لئے آپ کو ان کا ریزولیوشن پہلے رکھنا چاہئے ۔ یہ ٹھیک ہے کہ شہداء کے لئے حزب اختلاف نے ریزولیوشن بھیجا ہے اب گورنمنٹ کی طرف سے بھی یہ

چیز هاؤس میں لائی گئی ہے ۔ یہاں گورنمنٹ یا اپوزیشن کی ذات کا سوال نہیں ہے بلکہ سوال یہ ہے کہ کس کام کو فوقیت دی جائے ۔ میں گذارش کروں گا کہ شہداء کا ریزولیوشن پہلے رکھیں ۔

جناب والا مجھے اس بات کا افسوس ہے کہ هاؤس کی کارروائی شروع ہونے سے پہلے جس وقت هاؤس meet کر رہا تھا شہداء کے متعلق ریزولیوشن نہیں لایا گیا حالانکہ چاہئے یہ تھا کہ هم پہلے ان کو خراج تحسین پیش کرتے اور اسکے بعد کوئی اور کارروائی کرتے۔

ایک آواز : جناب والا جو شہداء کا ریزولیوشن ہے وہ پہلے هاؤس میں پڑھ کر سنا دیں۔

مسٹر چیئرمین : ریزولیوشن چونکہ formally نہیں آ سکتا ہے اس لئے ارکان اسمبلی کی خواهش کے پیش نظر شہداء کے لئے فاتحہ پڑھنے کی استدعا کرتا ہوں۔

(اس مرحلے پر شہداء کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی)

ایک ممبر : مارشل لا کیلئے بھی فاتحہ خوانی کریں۔

مسٹر چیئرمین ۔ مارشل لا کو ختم کرنے کا شرف ہماری اکثریتی پارٹی کو حاصل ہے اور هم نے اسے همیشہ همیشہ کے لئے ختم کر دیا ہے۔

ملک مختار احمد اعوان : جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جمہوریت کی بحالی کے لئے اور آمریت کے خلاف جو جد و جہد کی گئی ہے اس میں ہمارے جن طالبعلموں ۔ ہمارے کسانوں ۔ ہمارے مزدور ساتھیوں اور ہمارے کارکن ساتھیوں نے جام شہادت نوش کیا ہے ۔ ان کے لئے خراج عقیدت یہاں پیش کیا جائے ۔ آج جو ممبر حضرات اس معزز ایوان میں موجود ہیں یہ ان شہداء کے خون کی قربانی کی وجہ سے یہاں بیٹھے ہوئے ہیں ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ آپ طالبعلموں ۔ کسانوں اور مزدوروں کی شہادت پر انہیں خراج عقیدت پیش کریں اور مغفرت کی دعا کریں ۔ جنہوں نے آمریت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالیں ۔

مسٹر چیئرمین : معزز اراکین ۔ اگر هاؤس کو اعتراض نہ ہو تو فاتحہ خوانی کی جائے ۔

(اس مرحلے پر دعائے مغفرت کی گئی)

ایک ممبر — جناب والا طلبا - مزدوروں اور کسانوں کو خراج تحسین ضرور پیش کرنا چاہئے لیکن ایک تحریک التوا جناب علامہ رحمت اللہ ارشد صاحب نے دی ہوئی ہے اس کو پیش کرنے کی کیوں اجازت نہیں دی گئی ؟

مسٹر چیئرمین - وہ سب اس میں آ گیا ہے - سب کے لئے اکٹھی دعائے مغفرت کی گئی ہے -

ایک ممبر آپ اس کے متعلق رولنگ دیں -

مسٹر چیئرمین وہ بات ختم ہو گئی ہے -

ملک غلام جیلانی — پوائنٹ آف آرڈر - جناب چیئرمین صاحب میرے دوست نے یہاں ایک تحریک التوا پیش کی ہوئی ہے - میں اس کے متعلق عرض کروں گا کہ جب ہاؤس پہلی مرتبہ Constitute ہوتا ہے تمام ممبر حلف وفاداری اٹھاتے ہیں - سپیکر کے منتخب ہو جانے کے بعد ممبران کو یہ حق ملتا ہے کہ وہ تحریک التوا یا پوائنٹ آف پرولیج کے متعلق سوال اٹھائیں - ابھی تو یہ حضرات حلف وفاداری لے رہے ہیں - جہاں تک تحریک التوا کا تعلق ہے وہ سپیکر صاحب کے منتخب ہونے کے بعد آنی چاہئے تھی -

مسٹر چیئرمین -- اس کے متعلق میں اپنا فیصلہ دے چکا ہوں -

خان امیر عبداللہ خان روکڑی — جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں اور مجھے شبہ ہے کہ آپ تھوڑی دیر کے بعد کرسی چھوڑ کر چلے جائیں گے - اگر اس تھوڑے سے وقت میں آپ کا شکریہ ادا نہ کیا جائے تو یہ زیادتی ہو گی - آپ نے چیئرمین کی حیثیت سے جو کردار ادا کیا ہے اس سے مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سر شہاب الدین کی روح دوبارہ واپس آ گئی ہے - آپ کی شخصیت سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مرحوم سر شہاب الدین کی روح دوبارہ زندہ ہو گئی ہے - اس لئے میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں -

مسٹر چیئرمین — شکریہ -

سیدہ عابدہ حسین — پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا مجھے پہلے آپ نے پوائنٹ آف آرڈر پیش کرنے کی اس لئے اجازت نہیں دی تھی -

کیونکہ میں نے حلف نہیں لیا تھا ۔ اب میں حلف لینے کے بعد یہ عرض کروں گا کہ ۔

مسٹر چیئرمین : — یہ حلف نامے کے متعلق ہے یا ترجمہ کے متعلق ہے ۔ اگر آپ کا پوائنٹ آف آرڈر ترجمہ سے متعلق ہے تو میرے عزیز اب تو سارا ترجمہ ہو چکا ہے ۔ ہاں اگر آپ نے چیلنج کرنا ہے تو You should challenge it through some writ.

I think it has become infructuous now since the oath has been taken.

سید تابش الوری : — جناب یہ میرا حق ہے ۔ کہ میں پہلے اس ایوان میں آپ کے توسط سے اپنے حقوق کے تحفظ کا مطالبہ کروں ۔

مسٹر چیئرمین : — یہ تو میں بھی جانتا ہوں کہ اخلاقی طور پر آپ کا یہ حق ہے ۔ حلف چونکہ ختم ہو چکے ہیں ۔ اب تو ایسے آئینی طور پر اگر کسی صاحب نے چیلنج کرنا ہے تو یہ دوسری بات ہے ۔

Mirza Tahir Baig : It is in the interest and decorum of the House.

Mr. Chairman : The oath has already been administered. There is no use in beating a dead horse.

سید تابش الوری : — جناب یہ میرا حق ہے کہ میں اس ایوان میں ایک ممبر کی حیثیت سے ملک کے دستور کی حفاظت کروں ۔

مسٹر چیئرمین : — اے بھائی اگر آپ ترجمہ کے متعلق سوال اٹھاتے ہیں ۔ تو میں یہ عرض کرونگا کہ اس میں رائے کا اختلاف ہو سکتا ہے ۔ آپ کہیں گے یہ صحیح ترجمہ نہیں ہے ۔ ہم کہیں گے یہ صحیح ترجمہ ہے ۔ اور اس میں وقت ضائع ہوگا ۔

(قطع کلامیاں)

سید تابش الوری : — میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس میں . . . .

مسٹر چیئرمین — جب آپ نے یہ حلف لے لیا ہے تو آپ کو یہ حق نہیں ہے - کہ آپ اس پر اعتراض کریں - اگر آپ کو اعتراض تھا تو آپ یہ حلف نہ لیتے - حلف لے لیا گیا ہے اور اس پر رولنگ بھی دی جا چکی ہے -

ایک ممبر — اس لیئے میرے فاضل دوست اب تشریف رکھیں -

Mr. Chairman : This will not be the proper fo#m; rest assured my brother.

سید قابیشی الوری — جناب صدر - مجھے اجازت دی جائے کہ میں اپنے نکتہ کی وضاحت کروں - میں نے ابھی تک کوئی بات شروع ہی نہیں کی تو اس کے خلاف رولنگ کیسے ہو سکتی ہے میں نے ابھی تک یہ نہیں بتایا کہ حلف کس طرح سے غلط ہے اور دستور کی کس اعتبار سے خلاف ورزی ہوئی ہے -

مسٹر چیئرمین — آپ وہی پوائنٹ اٹھا رہے ہیں جو ترجمہ کے متعلق ہے -

ایک ممبر — جناب والا یہ کیسے پتہ چل سکتا ہے کہ وہ پوائنٹ ترجمہ کے متعلق ہے ابھی تک تو جناب نے سماعت نہیں فرمایا ہے -

مسٹر چیئرمین — رسم حلف وفاداری دو دن ہوتی رہی ہے - اور اب اس سٹیج پر اس کو چیلنج کرنا ٹھیک نہیں -

سید قابیشی الوری — جناب صدر - رولز نے مجھے حق دیا ہے کہ میں کسی بھی وقت پوائنٹ آف آرڈر اٹھا سکتا ہوں - کل آپ نے کہا تھا کہ جب تک آپ حلف نہ لیں - آپ پوائنٹ آف آرڈر نہیں اٹھا سکتے - اب آپ فرما رہے ہیں کہ چونکہ آپ نے حلف اٹھا لیا ہے اس لئے اب پوائنٹ آف آرڈر نہیں اٹھایا جا سکتا - آخر یہ کیا استدلال ہے ؟

مسٹر چیئرمین — وہ بات بھی درست تھی اور یہ بات بھی درست ہے -

Begum Rehana Sarwar : Sir. The hon'ble Member should be told that he cannot raise the same point again and again.

سید قابیشی الوری — جناب مجھے اسوقت پوائنٹ آف آرڈر نہیں اٹھانے دیا گیا - اس لئے میں اسے اب دوبارہ اٹھا رہا ہوں - پوائنٹ آف آرڈر اٹھانے سے مجھے نہیں روکا جا سکتا -

مسٹر چیئرمین ــاس وقت بھی chair کی جانب سے درست تھا اور اسوقت بھی درست ہے - اب جب کہ سارے ہاؤس کے تمام معزز ممبران حلف وفاداری اٹھا چکے ہیں - اسکو چیلنج کرنا بے سود ہو گا -

رانا گے - اے - محمود خانــاگر میرے فاضل دوست کو اپنی اردو پر اتنا ناز ہے تو جناب مناسب ہے کہ یہ کسی یونیورسٹی میں پڑھانا شروع کر دیں - یہ کم از کم ہمیں نہ پڑھائیں -

(قطع کلامیاں)

Mr. Chairman : We are going to make a more important declaration and that is about the election of Speaker.

حاجی محمد سیف اللہ خانــجناب میں آپ کی توجہ فاضل ممبر کو مطمئن کرنے کوائے اس شعر کی طرف دلانا چاھتا ہوں -

خرد کا نام جنوں رکھ دیا جنوں کا خرد
جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

وزیر اعلیٰ (ملک معراج خالد)ــجناب صدر - آپ کی توجہ میں اس طرف مبذول کرانا چاھتا ہوں کہ اب جبکہ جنوں کا نام خرد اور خرد کا نام جنوں رکھ دیا گیا ہے - اس لئے میں فاضل ممبر سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ حلف اٹھانے کے بعد اس بحث کو ختم کریں - تاکہ دوسری کارروائی ہو سکے - آپ کی طرف سے صاف اور مثبت رولنگ آنی چاہئے - اور اسکے بعد کسی کو اجازت نہیں ہونی چاہئے کہ وہ اپنی تقریر جاری رکھے -

مسٹر چیئرمین ــمیں پہلے ہی رولنگ دے چکا ہوں- اب واضح الفاظ میں رولنگ دیتا ہوں کہ حلف نامہ کے ترجمہ کے متعلق کسی کو کوئی مزید اعتراض نہیں ہونا چاہئے - یہ بالکل ٹھیک ترجمہ ہے -

بیگم پاقیس حبیب اللہــجناب صدر -

لازم ہے دل کے پاس رہے پاسبان عقل
لیکن کبھی کبھی اسے تنہا بھی چھوڑ دے

مسٹر چیئرمین ــ سیکرٹری صاحب اب آپ نتیجہ کا اعلان کریں -

(قطع کلامی)

Mr. Taj Muhammad Khanzada : On a point of personal explanation.

Sir, I want to explain my position — —

Mirza Tahir Baig : The Member has already apologized. He should not waste the time of the house.

Mr. Taj Muhammad Khanzada : I am on a point of personal explanation. It is my privilege to remove any misunderstanding on a point of personal explanation before the Members of this House, and I think they will listen to me for only two minutes.

(*Interruptions*)

I am sorry to say that it is my privilege——

جناب والا ۔ مجھے یہ حق پہنچتا ہے کہ کوئی چیز جو میرے فاضل دوست کو اچھی نہ لگی ہو یا اسکو کوئی غلط سمجھا ہو اور اس نے غلط فہمی میں اسکو کچھ اور ہی سمجھ لیا ہو ۔ تو میں اس ہاؤس کے ختم ہونے سے پہلے اپنے متعلق کچھ وضاحت کر دوں لیکن آپ نے مجھے حلف نامہ اٹھانے سے پہلے ذاتی وضاحت کی اجازت نہیں دی تھی ۔ اب میں نے حلف اٹھا لیا ہے اور مجھے ذاتی وضاحت کی اجازت دی جائے ۔

Mirza Tahir Baig : Sir, I think, a decision has already been given by the Chairman and the Member cannot raise any discussion on that point.

ایک ممبر۔ فاضل ممبر نے حلف اٹھا لیا ہے اس پر میرے خیال میں زیادہ وضاحت کی ضرورت نہیں ۔

مسٹر چیئرمین۔ vaild — ہے ۔ جائز ہے ۔ آپ مہربانی کر کے ہاؤس کا وقت ضائع نہ کریں۔

مسٹر تاج محمد خانزادہ۔ آپ میری بات تو سنیں۔

مسٹر چیئرمین — میں oath کی طرف نہیں جانا چاہتا ۔ اور نہ ہی اس کی legality کی طرف جانا چاہتا ہوں ۔

رانا پھول محمد خان۔ جناب سپیکر آپ کے فرائض میں یہ شامل ہے کہ آپ دو دو ممبران کو اکٹھے بولنے کی اجازت نہ دیجئے ۔

A Member : Kindly order him to sit down.

مسٹر چیئرمین ۔ میرے بھائی آپ خود خلاف ورزی کر رہے ہیں ۔

(قطع کلامیاں)

مجھے ایک اعلان کرنا ہے ۔ اگر آپ کی وضاحت ضروری نہ ہو تو مجھے اعلان کر لینے دیں ۔

ایک ممبر ۔ جناب چیرمین مجھے ایک ضروری بات کرنی ہے ۔

مسٹر چیئرمین ۔ تشریف رکھئے ۔

سید ضیاءالرحمن فلاح ۔ عباس بخاری ۔ جناب چیرمین میں دیکھ رہا ہوں ۔ کہ جو طریق کار اسمبلی میں اس وقت رائج ہے ۔ اس کے مطابق آپ کبھی بھی صحیح کارروائی نہیں کر سکتے ۔ طریق کار یہ ہونا چاہئے ۔ کہ کسی ممبر کو اگر کوئی اعتراض ہے یا کوئی بات کہنی ہے تو وہ ممبر یا چھ ممبر سب کے سب کھڑے ہو جاتے ہیں اور چپ رہتے ہیں ۔ جس کو سپیکر موقع دے وہ بات کرے نہ کہ پانچ چھ ممبر اکٹھے بولیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح ہم اپنے وقار میں اضافہ نہیں کر رہے ہیں اور دوسرے اس طور پر ہم قوم کا بے حد پیسہ اور وقت ضائع کریں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ باہر کے عوام اور پریس بھی ہمارے متعلق اچھی رائے قائم نہیں کریں گے ۔ میں اپیل کرونگا کہ پانچ یا چھ ممبر اکٹھے نہ بولیں جس کو سپیکر اجازت دے وہ بولے ۔ سپیکر کے فرائض خود ہی انجام نہ دیں ۔

Mr. Chairman : Thank you.

سپیکر کا انتخاب

سیکرٹری اسمبلی ۔ معزز ارکان سپیکر کے انتخاب کے سلسلے میں گورنر صاحب نے بحکم مصدرہ ۲۷ اپریل ۱۹۷۲ء چودھری محمد یعقوب اعوان صاحب کو اجلاس کی صدارت کیلئے نامزد فرمایا ہے ۔ اس طرح اسی تاریخ یعنی ۲۷ اپریل ۱۹۷۲ء کے ایک اور حکم کے ذریعے چودھری محمد یعقوب اعوان صاحب کو منتخب سپیکر سے حلف لینے کیلئے بھی نامزد فرمایا ہے ۔

اب میں سپیکر کے انتخاب کے نتیجہ کا اعلان کرتا ہوں ۔

سپیکر کے انتخاب کے لئے مقررہ میعاد میں شیخ رفیق احمد صاحب اور چودھری امان اللہ لک صاحب ارکان اسمبلی کے حق میں کاغذات نامزدگی داخل ہوئے ۔ چودھری امان اللہ لک صاحب نے اپنا نام انتخاب سے واپس لے لیا ۔ اس لئے میں شیخ رفیق احمد صاحب کو منتخب سپیکر قرار دیتا ہوں ۔

(نعرہ ہائے تحسین)

اور ان سے استدعا کرتا ہوں کہ وہ آکر سپیکر کے عہدے کا حلف لیں اور کرسی صدارت سنبھالیں۔

(نعرہ ہائے تحسین)

رانا پھول محمد خان۔ جناب سیکرٹری صاحب آپ نے ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کا ذکر نہیں کیا۔

سیکرٹری اسمبلی۔ جب باری آئے گی تو وہ اعلان بھی ہو جائے گا۔

(اس مرحلے پر چودھری محمد یعقوب اعوان صاحب نے شیخ رفیق احمد صاحب سے سپیکر کے عہدہ کا حلف لیا)

Mr. Chairman : I induct my brother Sheikh Rafiq Ahmad into his new office of Speaker of this august body.

(اس مرحلہ پر شیخ رفیق احمد صاحب کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

(نعرہ ہائے تحسین)

چیئرمینوں کا پینل

سیکرٹری اسمبلی۔ جناب سپیکر نے ہمارے قواعد و ضوابط کے قاعدہ نمبر ۱۴ کی رو سے ان چار اشخاص کو پینل آف چیئرمین پر مقرر کیا ہے:۔

(۱) شوکت محمود صاحب۔ (۲) عبدالقیوم بٹ صاحب۔

(۳) احسان الحق پراچہ صاحب۔ (۴) بیگم آباد احمد صاحبہ۔

سپیکر کی خدمت میں ہدیۂ تہنیت

وزیر اعلیٰ (ملک معراج خالد)۔ جناب سپیکر میں آپ اور اپنی پارٹی کی طرف سے نہایت صدق دل سے آپکو ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں اور اس معزز ایوان کی طرف سے بھی مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے آپکو متفقہ طور پر سپیکر منتخب کیا۔ جناب والا ہماری نگاہ میں آپ سب سے زیادہ خوش قسمت انسان ہیں کہ پہلی اسمبلی جو بالغ رائے دہی کی بنیاد پر وجود

میں آئی ہے اور جسے صوبے کے تمام عوام کی حمایت حاصل ہے۔ آپ اسکے سپیکر منتخب ہوئے ہیں۔ جناب والا آپکو جو اہم ذمہداریاں سونپی گئی ہیں انہیں جمہوری روایات کے مطابق فروغ دیا جائے۔ اسمبلی کے اندر جمہوری آداب و اطوار کی بناء رکھی جائے اور سابقہ روایتوں کو ملحوظ رکھا جائے۔ ہم اپنی طرف سے آپکے فرائض کی انجام دہی میں پورا پورا تعاون کریں گے۔ اس معزز ایوان کے اندر پوائنٹ آف آرڈر۔ پوائنٹ آف انفرمیشن ۔ پوائنٹ آف پرولیج اور پوائنٹ آف پرسنل ایکسپلینیشن یہ وہ معاملات ہیں جو کہ چند روز کے اندر ہر معزز رکن کو آ جائینگے ۔ یہ کوئی اتنی بڑی بات نہیں ۔ لیکن اصل چیز یہ ہے کہ ہم جمہوریت کے بنیادی تقاضوں کے مطابق ایک دوسرے سے سلوک کرنے کی کوشش کریں۔ ہم پنجاب کو اور پنجاب کے اس معزز ایوان کو مثالی ادارہ بنائیں ۔ اس وقت چاروں صوبوں میں عوامی حکومتیں قائم ہیں اور ایک صحت مند مسابقت کے ذریعے ہماری یہ کوشش ہونی چاہیئے اور ہمیں پورا بھروسہ ہے کہ آپکی سپیکر شپ کے ذریعے ہم پنجاب کو دوسرے صوبوں کی نسبت جو ہمارے بھائی ہیں بہتر جمہوری ادارہ بنائیں ۔

جناب والا ہماری پارٹی نے اس ایوان کے اندر اور اس ایوان کے باہر یہ کوشش کرنی ہے کہ اپنے عمل سے معزز اختلاف کو یہاں اور باہر بھی یقین دلائیں کہ ہم انصاف اور عدل کے تقاضوں کو پورا کرنے کیلئے اور عوامی خواہشات اور توقعات کے عین مطابق جمہوریت کو فروغ دیں گے ۔ ہم بلا خوف تردید یہ دعوی کر سکتے ہیں کہ مارشل لا کی لعنت کو مستقل طور پر ختم کرنے کیلئےاور عوام کی حکمرانی کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لئے ہماری پارٹی نے جو کچھ بھی کرنا ہے ہم ان تقاضوں کو پورا کرنے کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔

جناب والا ۔ آپ اب سب کا مشترکہ سرمایہ ہیں آپ نے اپنے حلف کے مطابق جو نہایت جامع ہے اپنے فرائض کو پورا کرنا ہے اور اپنے تمام ممبران کی مراعات اور حقوق کا تحفظ فرمانا ہے ۔ میں اپنی پارٹی کیطرف سے حزب اختلاف کو یقین دلاتا ہوں کہ جو ان کے جائز حقوق ہیں ۔ بنیادی حقوق ۔ اس ایوان میں اور اس ایوان کے باہر ہم ان کے تحفظ کیلئے

ان کی توقعات کے مطابق عمل کریں گے اور ہم اپنے فاضل دوستوں سے یہ بھی امید رکھتے ہیں کہ چونکہ ہم نے منزل کو پانے کیلئے کافی فاصلہ طے کرنا ہے اسے بسرعت تمام طے کرنے کیلئے ہمیں اشتراک عمل سے کام کرنا ہوگا ۔ حزب اختلاف محض اختلاف کیلئے نہیں ہونی چاہئے ان کی طرف سے جو اچھی چیز آئیگی ہم بخوشی اسے قبول کریں گے اور عوام کی بہتری ملک و قوم اور قومی سالمیت کی خاطر ان کی جانب سے جو بھی اقدامات کئے جائیں گے وہ ہم سراہیں گے ۔ ہم توقع رکھتے ہیں کہ وہ ہم کو پورا پورا تعاون دیں گے ۔ یہ ہمیں امید ہے اور اسی میں ہمارے ملک کا بھلا ہے ۔ اس وقت مسائل نہایت پیچیدہ ہیں اور وہ صرف پاکستان پیپلز پارٹی کے مسائل نہیں ہیں ۔ اس وقت ہمارے ملی قومی مسائل ہیں ۔ اس لئے ان کو حل کرنے کیلئے فروعی ، ہنگامی اور عارضی اختلافات کو ختم کرنا ہے ۔ قومی اتحاد ہمارا مقصد عزیز ہے ۔ اس کو ہم نے حاصل کرنا ہے تاکہ ہم پاکستان کے اندر صحیح معاشرے کی تشکیل کر سکیں اور جو ہمیں مسائل درپیش ہیں سیاسی ۔ معاشرتی اور تہذیبی انہیں ہم سب نے مل جل کر حل کرنا ہے ۔ اس لئے ہم توقع کرتے ہیں کہ یہ معزز ایوان اور یہ صوبہ جو کسانوں ۔ مزدوروں ۔ طالب علموں ۔ دانشوروں اور غریبوں کی تمام امیدوں کا مرکز بن چکا ہے ہم اپنے عمل سے اس کی تقدیس کو برقرار رکھیں اور پاکیزگی بخشیں ۔ یہ اب ہم پر منحصر ہے اور ہم نے یہ ثابت کرنا ہے لیکن میرے نزدیک یہ سطحی معاملات کچھ حیثیت نہیں رکھتے ۔ ہماری حزب اقتدار کا مقصد یہ ہے کہ ہم نے اپنے ملک اور قوم کو عظیم بنانا ہے اپنے عوام کی بالا دستی کو قائم رکھنا ہے اور ہم نے ان کی آرزوؤں ۔ ان کی تمناؤں اور خواہشات کے عین مطابق اس ایوان میں یہ ثابت کرنا ہے کہ جو کچھ وہ چاہتے ہیں اس کا اظہار یہاں بخوبی کیا جائے ۔

جناب والا ۔ میں آخر میں آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اپنی اور اپنی پارٹی کیطرف سے پورے تعاون کا یقین دلاتا ہوں ۔

علامہ رحمت اللہ ارشد (قائد حزب اختلاف) — جناب والا - میں حزب اختلاف کے ایک ادنیٰ خادم کی حیثیت سے آپ کی خدمت میں ھدیہ تبریک پیش کرتا ھوں اور اپنے رفقاء کار کو مبارکباد پیش کرتا ھوں جنھوں نے اس مبارک موقعہ پر آپ کو اس ایوان کا صدر مقرر کیا - اب آپ کی حیثیت یہ ہے کہ آپ اس ایوان کی عزت و وقار اور ارکان کے حقوق اور ایوان کی بالا دستی کے نشان بنیں گے - یہ سب سے بڑا اعزاز ہے جو اس صوبے کے غریب عوام کے نمائندوں نے آپ کو بخشا ہے۔ یہاں اس ایوان کی کئی روائتیں پہلے ھی سے موجود ھیں اس ایوان کے در و دیوار میرے لئے نئے نہیں ھیں - خلیفہ شجاع الدین صاحب مرحوم اس ایوان کے سپیکر بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔ چودھری فضل الٰہی ایک ووٹ کی بھاری اکثریت سے منتخب ہوگئے تھے تو یہاں ایسی بھی روایات ھیں جو جمہوری بھی ھیں اور قابل فخر بھی - بعض ایسی روایات بھی ھیں جو ناقابل تقلید ھیں - لیکن مجھے یقین ہے کہ آپ یقیناً اچھی روایات کی تقلید کریں گے جو اس ایوان کو ورثے میں ملی ھیں اور ان روایات کو ھمیشہ کیلئے ختم کر دیں گے جو اس ایوان کی عزت کا باعث نہیں بن سکتیں - مسٹر سپیکر - میں گذارش کر دینا چاھتا ھوں کہ سپیکر چاہے کسی پارٹی سے تعلق رکھے لیکن جب وہ سپیکر بن جاتا ہے تو وہ اپنے آپ کو اپنی پارٹی سے ذھنی طور پر منقطع کر لیتا ہے - میں امید کرتا ھوں کہ جب آپ سپیکر شپ کے فرائض سر انجام دیں گے آپ اس وقت ھاؤس کے سر براہ ھونگے پیپلز پارٹی کے رکن نہیں ھونگے بلکہ آپ کسی پارٹی کے رکن نہیں ھوںگے ۔ اس کے ساتھ میں اپنے محترم رفقاء کار کیطرف سے یقین دلاتا ھوں کہ اس ایوان کو اعتدال پر رکھنے کیلئے اس کو قانون کے اندر رکھنے کیلئے آپ کی عزت اور وقار کیلئے ھم آپ سے پورا پورا تعاون کریں گے۔ میں یہاں واشگاف الفاظ میں عرض کر دینا چاھتا ھوں کہ اگر حزب اختلاف کے حقوق پر کسی قسم کی زیادتی کی گئی یا جرگہ لاء ایسے جنگل لاء پیش کئے گئے تو ھم اس کی پوری شدت کے ساتھ مزاحمت کریں گے - اب آخر میں میں

تھوڑا سا یہاں یہ بھی عرض کر دوں کہ ھماری حزب اختلاف کا کردار کیا ھو گا ۔ اس کا کردار یہ ھو گا کہ محب وطن حزب اختلاف کی حیثیت سے تعمیری تنقید صحت مند صالح ستھری سیاست پر عمل درآمد کرے اس لئے ھم اس اصول پر کار بند رھیں گے کہ جو بات حکمران جماعت کی طرف سے اچھی آئے گی آپ دیکھیں گے کہ ھم پورے خلوص کیساتھ اور دلسوزی کیساتھ تعاون کریں گے لیکن اگر ایسی بات آ گئی جس پر ھمیں اختلاف ھو تو ھم اس کی مخالفت میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے ۔ مجھے امید ہے کہ آپ بحیثیت سپیکر اس ایوان کے وقار اور اسکی بالا دستی کے علمبردار ھونگے ۔

جناب والا ۔ قائد ایوان نے آج جو بیان ابھی ابھی دیا ھے وہ اس ضمن میں حوصلہ افزا ھے اور ھم بھی حزب اختلاف کی طرف سے واضح کر دینا چاھتے ھیں کہ ھر اپوزیشن حکومت سے ھر اچھی بات پر تعاون کرے گی اور اگر سرکاری پارٹی جمہوریت کاملہ کی بحالی ۔ تحریر و تقریر کی آزادی اور صحافت کی تقدیس کے لئے کام کرے گی تو اپوزیشن ان سے تعاون کریگی لیکن اگر شخصی آزادی سلب کرنے کی کوشش کی گئی تو اس کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جائیگا اور اپوزیشن کسی بڑے سے بڑے فرعون کے ساتھ مصالحت نہیں کرے گی۔

جناب والا ۔ اب چونکہ آپ نے مجھے وقت دے دیا ھے اس لئے دو تین ضروری باتیں عرض کر دینی چاھتا ھوں ۔ اس وقت صوبے میں لاء اینڈ آرڈر کی حالت بے حد خراب ھے ۔ انتظامیہ بالکل بے بس نظر آتی ھے دن دھاڑے خوفناک قسم کے واقعات منظر عام پر آتے ھیں اس سلسلے میں دو تین سنگین واقعات کا ذکر کر دینا ضروری معلوم ھوتا ھے مثلاً پنجاب یونیورسٹی میں مداخلت اور فائرنگ ھوئی ۔ ایڈیٹروں کی گرفتاری کے خلاف احتجاجی جلوسوں پر فائرنگ ۔ نائب تحصیلدارو کے کامیاب امیدواروں سے ناانصافی اور افسروں کی برطرفی ایسے معاملات ھیں جن پر حکومت کو فی لفور غور کرنا چاھیے ۔ میں امید کرتا ھوں کہ ھمارے قائد ایوان اور وزیر اعلیٰ واضح پالیسی بنا کر ھمیں یقین دلائینگے

کہ جس قسم کے واقعات نے امن عامہ کو مفلوج کر دیا ہے وہ آئندہ رونما نہیں ہوں گے ورنہ میں ہر وقت حکومت کو متنبہ کرتا ہوں کہ یہ ملک داخلی خلفشار اور بدامنی کے باعث تباہ ہو جائیگا ۔ میں آخر میں پھر ایک مرتبہ سپیکر صاحب کی خدمت میں ہدیہ مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔

سیٹھ کاشن انوری (بہاولپور ۱) — جناب والا—میں نے پہلے بھی تقریر کرنے کی اجازت مانگی تھی اور اب پھر اسی مقصد کیلئے کھڑا ہوا ہوں ۔ میں ایک آزاد رکن کی حیثیت سے متحدہ محاذ سے وابستہ ہوں ۔ مجھے تقریر کرنے کی اجازت کیوں نہیں دی گئی ۔ میں بہاول پور کی غالب اکثریت کا نمائندہ ہوں مجھے اظہار خیال کا موقعہ ملنا چاہیئے یہ میرا حق ہے جو کئی دوسرے ممبران پر فائق ہے جن کو تقریر کی اجازت مل چکی ہے ۔ بہاول پور کے عوام نے علیحدہ صوبہ قائم کرنے کے لئے ہمیں ووٹ دیئے تھے مگر آپ ہماری بات ہی سننا پسند نہیں کر رہے ۔ شور و (قطع کلامیاں) (اس مرحلے پر کئی ممبران نے بیک وقت بولنا شروع کر دیا) آپ متحدہ بہاول پور محاذ کی نمائندگی کا دعوی کس طرح کر سکتے ہیں ۔

ایک ممبر — بہاول پور کے عوام علیحدہ صوبہ نہیں چاہتے ۔

مسٹر سپیکر — اجلاس ۱۲ بجے دوپہر تک رہے گا اس سے پہلے پہلے ممبر صاحبان تقاریر کر سکتے ہیں ۔ ایوان چاہے تو ہر ممبر کی تقریر کا وقت مقرر کر دے اور جس جس پارٹی کی طرف سے کوئی لیڈر بولنا چاہے اس کا بھی فیصلہ کر لیا جائے ۔

ایک ممبر — پانچ پانچ منٹ کی حد مقرر کر دی جائے ۔

وزیر اعلیٰ — جمہوری روایت یہ ہے کہ سب سے پہلے قائد حزب اختلاف تقریر کریں اور ان کے بعد دوسرے گروپ لیڈر تقریر کریں جن کو آپ باری باری اجازت دیں ۔ روایت یہی ہے کہ صرف پارٹی کے لیڈر تقریر کریں ۔

پوائنٹ آف آرڈر (حلف وفاداری کے اردو ترجمہ سے متعلق)

سید تابش الوری — پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا میں آپ کی توجہ دستور کے آرٹیکل ۱۱۲ ذیلی دفعہ ۲ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جو حلف کی عبارت کے متعلق ہے - دفتر کی غفلت کی وجہ سے آئین کی انگریزی عبارت کا ترجمہ اصل کے مطابق درست نہیں ہے - حلف اٹھانے کی ساری کارروائی غلط ہوئی ہے -

Mr. Speaker : It is irrelevant at this stage.

رانا پھول محمد خاں — حلف پر اعتراض کے لئے پوائنٹ آف آرڈر اٹھانا ضروری نہیں ہے -

(ایک آواز) — ممبر کو اس سے پہلے چار دفعہ موقع دیا جا چکا ہے -

سید تابش الوری — آپ مجھے موقع تو دیں - میں اپنی بات ختم کر لوں تو پھر اعتراض کر لیجئے گا اس وقت آپ کو وضاحتاً جواب دینے کا حق ہو گا مگر اس وقت کسی کو الہام کا دعوی نہیں ہو سکتا کہ وہ میری بات سنے بغیر ہی میرا مفہوم معلوم کر لے اور اعتراض کر دے -

Mr. Speaker : Please continue.

سید تابش الوری—حلف کا ترجمہ انگریزی سے اردو میں کرتے وقت دفتر کی غفلت سے کچھ الفاظ حذف ہو گئے ہیں اور کچھ کا اضافہ ہو گیا ہے نتیجتاً یہ حلف دستور کے اصل متن سے مختلف نظر آتا ہے -

سپیکر صاحب—فرمائیے -

سید تابش الوری—ان ٹیرم کانسٹی ٹیوشن کے صفحہ نمبر 95 پر صوبائی اسمبلی کے سپیکر کے متعلق سطر نمبر ۳۰ انگریزی میں یوں ہے -

"That as Speaker of the Provincial Assembly of the Province of..............I will discharge my duties, and perform my functions, honestly, to the best of my ability, faithfully in accordedce with the Interim Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, and the law and the Rules of the Assembly and always in the interest of the sovereignty, integrity, solidarity, well-being and prosperity of Pakistan:"

اس میں "Prosperity" کا لفظ ایک اہم لفظ ہے جو کہ تمام پارٹیوں کے منشور کا ماحصل ہے مگر اس کا ترجمہ کرنے کی بجائے محض well-being

کے ترجمے ''فلاح و بہبود'' پر اکتفا کر لیا گیا ہے اس سے حلف میں تحریف ہو گی ہے۔ اس سے آگے یہ ہے کہ :-

"That I will strive to preserve the Islamic Ideology which is the basis for the creation of Pakistan."

یہ ترجمہ کہ ''میں اسلامی نظریے کی بقا کے لئے کوشش کرتا رہونگا'' اصل انگریزی لفظ "Will strive to Preserve" کا صحیح ترجمہ نہیں ہوا ہے۔ ہونا یہ چاہئے تھا کہ ''میں اسلامی نظریے کی بقا کے لئے جد و جہد کرونگا''

"That I will preserve, protect and defend the Interim Constitution of the Islamic Republic of Pakistan."

اس کا حلف نامہ میں ترجمہ یہ کیا گیا ہے کہ ''میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کی بالا دستی کی حمایت کرونگا'' مگر اصل انگریزی عبارت میں آئین کی بالا دستی کا کوئی لفظ یا تذکرہ موجود نہیں ہے - یہ محض اضافی لفظ کی حیثیت رکھتا ہے - ترجمہ یہ ہونا چاہئے تھا کہ ''میں عبوری آئین کا دفاع ۔ تحفظ اور حمایت کرونگا'' معلوم نہیں عبوری آئین کی بالا دستی کس جملے کا ترجمہ ہے - اصل عبارت میں یہ ایک اضافی حیثیت رکھتا ہے - آئین کا اصل مطلب صحیح طور پر ادا ہونا چاہئے ورنہ ساری کارروائی محل نظر ہو کر رہ جائیگی -

علامہ رحمت اللہ ارشد ـ جناب والا آپ دیکھ لیں کہ اگر لفظ بہ لفظ ترجمہ نہیں مگر انگریزی عبارت کی روح اس میں موجود ہے تو پھر ترجمہ صحیح ہے - آپ اس بارے میں رولنگ دے دیں -

مسٹر طاہر بیگ ـ جناب والا میں عرض کرونگا کہ چونکہ مسلمہ طور پر تسلیم کیا جا چکا ہے کہ ترجمہ صحیح ہے اس میں آئین کے حلف کی اصل روح موجود ہے اور اگر الفاظ کے ہیر پھیر میں پڑ گئے تو ہر پارٹی اپنا اپنا ترجمہ لے آئیگی اور پھر کسی ایک ترجمے کو متعین کرنا یا اس پر اتفاق رائے کرنا محال ہو جائیگا لہذا یہ ترجمہ اصل عبارت کے مطابق ہے اس سے پہلے اعوان صاحب بحیثیت چیئرمین ان کے پوائنٹ آف آرڈر کو مسترد کرچکے ہیں - اس کو بار بار پیش کرکے ایوان کا وقت ضائع نہ کیا جائے - یہ خلاف دانشمندی ہے کہ ہم فروعی باتوں میں الجھے رہیں - تابش صاحب سے مکرر عرض ہے کہ وہ تقریر کر چکے ہیں اب دوسروں کو موقع دیں -

مسٹر محمد حنیف رامے — جناب والا ۔ حلف نامے کا ترجمہ لفظی اور معنوی لحاظ سے درست ہے ۔ اس پر ایک بار رولنگ بھی ہو چکی ہے ۔ دوبارہ ضرورت نہیں بلکہ پہلی رولنگ کی خلاف ورزی کرنے سے ایوان کی اور صاحب سپیکر کی توہین ہو گی اس طرح ایوان کا وقت ضائع کیا جا رہا ہے ۔

خان امیر عبداللہ خان — جناب سپیکر ۔ یہ ترجمہ مکمل طور پر درست ہے ۔ اس میں نا صرف اصل کی روح ہے ۔ بلکہ لفظی اعتبار سے بھی اس میں کوئی سقم نہیں ہے ۔ اسکے علاوہ جناب صدر اس پر رولنگ بھی دے چکے ہیں اور یہ بھی فیصلہ ہو چکا ہے کہ جب رولنگ دے دی جائے تو اسکے بعد اسی موضوع پر تقریر کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیئے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ میرے فاضل دوست بار بار اس مسئلہ کو اٹھا کر ایوان کا وقت ضائع کرتے ہیں ۔ وہ ایوان کی اور جناب صدر کی توہین کرتے ہیں اور آپکی رولنگ کا پاس نہیں کیا جاتا ۔

سردار نوابزادہ محمد اسلم خان لغاری (ڈیرہ غازی خان ۳) جناب والا ۔ لفظ خوشحالی کو حذف کرنیکا ذکر کیا گیا ہے اسلئے اسکا مطلب یہ ہے کہ آپکا ایسے غیر جانب دار ظاہر کرنیکا مقصد ہے کیونکہ پاکستان کو خوشحال بنانیکا دعوی تمام پارٹیاں کرتی ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں اس مسئلے کے متعلق بہت مختصر طور پر عرض کرونگا کہ جو شخص اس ایوان میں بولنا چاہتا ہے تو وہ پوائنٹ آف آرڈر اٹھاتا ہے ۔ میں صرف اتنا اس سلسلے میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس اسمبلی میں بولنے کے لئے ایک طریق کار ہے ۔ جب ایک رکن پوائنٹ آف آرڈر اٹھاتا ہے تو دوسرا شخص اسکے حق میں یا اس کے خلاف کھڑا ہو سکتا ہے اور آپ اسکو اجازت دے سکتے ہیں ۔ عموماً ایسا بھی ہوتا ہے کہ آپ سے اجازت حاصل کرنیکے سلسلے میں پوائنٹ آف آرڈر Raise کرنا پڑتا ہے ۔ اسلئے میری یہ گزارش ہے کہ پوائنٹ آف آرڈر بس اسی وقت Raise کیا جائے جب اسکی ضرورت ہو ۔

جناب سپیکر دوسرے میرے فاضل دوست رامے صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ جب ایک مرتبہ اس سے پہلے سپیکر رولنگ دے چکا ہو تو

دوبارہ وہ بات نہ کرنا چاہئے ۔ اسلئے جناب والا اب یہ آپکو ہی فیصلہ کرنا ہے کہ جو پوائنٹ آف آرڈر ہمارے فاضل دوستوں نے اٹھایا ہے وہ آپکے لئے بھی اتنا ہی ضروری ہے جتنا ہمارے لئے ضروری ہے اور اس ضمن میں فیصلہ کرنا صرف آپکا کام ہے کہ اسکی عبارت صحیح ہے اسکا ترجمہ صحیح ہے یا غلط ہے ۔ آپ اور ہم سب دوست اس ضمن میں دلائل دے سکتے ہیں لیکن یہ ہم ضرور آپکو یقین دلاتے ہیں کہ جو کچھ بھی آپکی رولنگ ہوگی ہم اسکے ساتھ ضرور تعاون کرینگے جبکہ اس مسئلے کے اوپر کل سے بحث جاری ہے ۔ میرے فاضل دوست اس حلف پر کیوں بضد ہیں ۔ ہمارے ایمان پختہ ہیں ۔ ہمارے ذہن صاف ہیں ۔ تو پھر میں اپنے فاضل دوست سے یہ درخواست کرونگا کہ اسوقت جو کچھ بھی انکے ذہن میں ہے ۔ حلف کے متعلق جو کچھ وہ ذکر رکھتے ہیں اسکو وہ دور کریں ۔ آج ہم میں سے یہاں کوئی بھی ایسا نہیں ہے جو پاکستان کا حامی نہ ہو ۔ اور وفاداری پاکستان کے لئے ہم سے حلف لینے کے لئے کوئی شک نہیں کرنا چاہئے ۔ جبکہ آپ سے پہلے چیرمین صاحب نے بھی ایسی ہی رولنگ دی ہے اور اسے درست قرار دیا ہے چنانچہ اب آپ سے یہ درخواست کی جاتی ہے کہ اس رولنگ کے اوپر مزید بحث کی اجازت آپ نہ دیں ۔ کیونکہ آج ہمارے سامنے اور بھی مسائل ہیں ۔ اس اسمبلی کے سامنے اور بھی اہم مسائل ہیں جنہیں ہمکو پایہ تکمیل تک پہنچانا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔۔ اردو میں جو حلف نامہ ہے یہ روح اور معانی دونوں اعتبار سے صحیح ہے ۔ اسلئے یہ اعتراض جو ہے وہ مسترد کیا جاتا ہے ۔

رانا پھول محمد شاں (لاہور ۱۰) جناب سپیکر ! اس معزز ایوان کا صدر ہونے پر میں آپکو مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ ہماری قوم کی یہ خوش قسمتی ہے کہ آج براہ راست بالغ رائے دہی کے ذریعہ ملک کے منتخب شدہ نمائیندوں نے آپکو صدر منتخب کیا ہے اور مجھے یہ قوی امید ہے کہ آپ اپنے حلف کے مطابق اس ایوان کی سابقہ روایات کو قائم رکھتے ہوئے کسی شخص یا پارٹی کی طرفداری یا حمائیت نہیں کرینگے ۔ کیونکہ ہنوز آپ کسی ایک پارٹی کے صدر نہیں ہیں بلکہ آپ تمام ایوان کے صدر ہیں اور اس ایوان میں آپکو متفقہ طور پر صدر منتخب کیا

گیا ہے - اسکے باوجود میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر آپ اس سے پہلے ایک پارٹی سے تعلق رکھتے تھے اس وقت آپکی حیثیت دوسری تھی - مگر اسوقت یہاں بحیثیت ایوان ہذا کے سپیکر آپ ایوان کے معاملات کو سلجھائینگے - حزب اختلاف کی طرف اگر کوئی پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا جائیگا - یا کوئی اہم معاملہ پیش کیا جائیگا تو عین ممکن ہے کہ دوسری طرف حکومتی پارٹی اس مسئلہ کو نظر انداز کرنا چاہتی ہو - تو اسوقت اسکا فیصلہ آپکی صوابدید پر ہے - مجھے امید ہے کہ جیسے طرح ہماری عدلیہ کے جج صاحبان جنہیں حکومت خود مقرر کرتی ہے وہی جج انصاف کا تقاضہ پورا کرنے کے سلسلے میں اکثر اوقات حکومت کے خلاف فیصلہ صادر کر دیتے ہیں اور یہی تجویز میں آپکے سامنے پیش کرتا ہوں کہ آپ انصاف کے سامنے گورنمنٹ پارٹی یا کسی عہدیدار کو نظر انداز کر کے انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے اور اس معزز ایوان کے وقار کو بڑھانے کے لئے آپ وہی کوشش کریں گے جو دوسرے ملکوں یا دوسرے دوروں کے لیے قابل تقلید ہوں - اور میری اللہ تبارک و تعالیٰ سے یہی دعا ہے کہ وہ آپکو پورا پورا انصاف کرنے کی توفیق عطا فرمائے - اس کے بعد جناب صدر میں قائد ایوان کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور انکو دلی مبارکباد پیش کرنے کے ساتھ ساتھ میں ان سے یہ گزارش کرونگا کہ وہ بھی اس امتحان گاہ میں قائد ایوان منتخب ہوئے ہیں جس امتحان گاہ میں اس سے قبل بڑے بڑے امتحان دینے والے فیل ہو چکے ہیں -

مسٹر سپیکر :- آپکی تقریر کا وقت ختم ہو رہا ہے - ذرا جلدی ختم کیجئے -

[illegible] :- یہ ایک امتحان گاہ ہے خدا کرے کہ وہ اپنے اس امتحان میں کامیاب ہوں - عوامی کارکن ہونے کی حیثیت سے مجھے امید ہے کہ وہ ان تمام مشکلات پر قابو پاتے ہوئے اس امتحان میں کامیاب ہونگے - شکریہ -

میاں خورشید انور (ملتان - ۲) : جناب سپیکر - میں اپنی طرف اور اپنی پارٹی کی جانب سے آپکو مبارکباد پیش کرتا ہوں - جناب کی خدمات اس قوم کے لیے اور خاص طور سے تحریک پاکستان کے لیے - اسکے بعد مادر ملت کے انتخاب اور پھر بحالیٔ جمہوریت کی بحالی کے سلسلے میں نا قابل فراموش ہیں جو ہمیشہ سنہری حروف میں لکھی جائیں گی -

مجھے امید ہے کہ جناب ایک اچھے قانون دان ہونے کی حیثیت سے اپنے فیصلوں پر پارٹی بازی کے اثرات نہیں آنے دینگے - اور مجھے یہ بھی یقین ہے کہ حزب اقتدار کے ساتھ ساتھ حزب اختلاف بھی آپکے ساتھ پورا پورا تعاون کریگی - جس طریقے سے علامہ رحمت اللہ ارشد صاحب نے اپنی تقریر میں آپکو یقین دلایا ہے میں بھی اپنے گروپ کی طرف سے جناب سے یہ وعدہ کرتا ہوں کہ ہم اس ایوان کی بالا دستی کو قائم رکھنے کے سلسلے میں آپکا احترام کرینگے اور آپکے ساتھ مکمل تعاون کرینگے - مجھے امید ہے کہ جناب خلیفہ شجاع الدین مرحوم اور جناب چودھری سر شہاب الدین مرحوم کی کرسی پر جب آپ تشریف رکھتے ہیں تو آپ یقیناً ان دو بزرگوں کے فیصلوں سے مستقبل میں ضرور رہنمائی حاصل کرتے رہینگے - قائد ایوان کی تقریر کے بعد ہمیں یہ یقین ہو گیا ہے اور پہلے سے زیادہ یہ امید ہو گئی ہے کہ جناب ہمارے ساتھ بھی انصاف سے کام لینگے - اور آپکی پرانی پارٹی یعنی حزب اقتدار بھی آپکے ساتھ تعاون رہیگی - ہم آپ سے یہ امید کرتے ہیں کہ آپکا فیصلہ راشن تقسیم کرنے والا مسئلہ نہ بنے کہ حزب اقتدار والے اسکی تقسیم میں حصہ لے اور باقی افراد سے انکا کوئی تعلق اور واسطہ نہ ہو - شکریہ -

مسٹر سپیکر - مخدوم حمید الدین صاحب -

علامہ رحمت اللہ ارشد - جناب سپیکر - ایک فہرست آپ کے سامنے رکھی ہے - اس کے مطابق چلیں -

مسٹر سپیکر - ہاں اس کے مطابق چل رہا ہوں - اصل میں امان اللہ صاحب اپنی باری چھوڑ گئے ہیں اس لئے میں نے مخدوم صاحب کو تقریر کیلئے کہا ہے اس کے بعد امان اللہ صاحب کی باری ہے -

مخدوم حمید الدین (رحیم یار خان ۲) - جناب سپیکر - میں آپ کو اس معزز ایوان کا صدر منتخب ہونے پر تہنیت کے جذبات پیش کرتا ہوں - آپ کا انتخاب اس لحاظ سے بھی امتیازی ہے اور اعتبار سے بھی منفرد ہے کہ آپ کو اس معزز ایوان کے ہر معزز رکن کی تائید و حمایت حاصل ہے - تعاون حاصل ہے - اعتماد حاصل ہے - (تالیاں) اور یہ خوشی منتخب صدر ایوان کیلئے یقیناً شرف عزت اور افتخار کا باعث ہے - جس شرف و عزت کے ساتھ اس ایوان نے آپ کو نوازا ہے - اسی نسبت سے جناب سپیکر آپ پر خصوصی ذمہ داری بھی عائد ہوتی ہے - اور ریا

رکھیئے کہ جس کرسی صدارت پر آپ اس وقت متمکن اور جاگزین ہیں - اور جس منصب پر آپ اس وقت فائزالمرام ہیں - یہ منصب اس معزز ایوان کی روایات کا امین ہے اور اس معزز ایوان کے ہر رکن کے حقوق - وقار اور عزت کے استحقاق کی ضمانت پیش کرتا ہے میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس معزز ایوان کی روایات ہر لمحہ آپ کو عظمتیں بخشتی رہیں گی اور اس معزز ایوان کی تاریخ ہر لحظہ آپ کیلئے مشعل راہ ثابت ہوگی - اور آپ اس معزز ایوان کی بقا اور تقدیر کے لئے سرگرم عمل رہیں گے - تو محترم اس لحاظ سے بھی آپ پر عظیم اور خصوصی ذمہ داری عائد ہوتی ہے - تو میں سمجھتا ہوں آپ اپنی ذمہ داری سے اس وقت کماحقہ عہدا براء ہو سکتے ہیں - جب آپ اس ایوان میں ہر طرف ہر جماعت اور ہر معزز رکن کے ساتھ بلا امتیاز ''ہاں'' اور ''نہیں'' کے کسی کو بھی احساس محرومی نہیں ہونے دیں گے - اس لئے کہ احساس محرومی ہماری قومی اور جمہوری زندگی کے لئے مضرت کا باعث ہو سکتی ہے - اس لئے ہماری قومی زندگی مجروح ہوتی ہے - میں آپ کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا کہ اگر آپ اس معیار پر پورے اترے اور اس معیار پر کار بند رہے - تو یقیناً آپ معزز ایوان کی روایات اور اس کی عظمتوں میں اضافہ فرمائیں گے - تو مجھے یقین ہے اور میں یہ امید وابستہ کرتا ہوں کہ آپ کے زیر صدارت اس معزز ایوان کی روایات میں اضافہ ہو گا - اور اس کی تاریخ جدید راہوں پر مرتب اور مزین ہو گی - تو ان الفاظ کے ساتھ ایک مرتبہ پھر اپنی طرف سے اور اپنے دوستوں کی طرف سے آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم آپ کے ساتھ پورا تعاون کریں گے - ان الفاظ کے ساتھ میں ایک مرتبہ پھر آپ کو اپنی طرف سے تہنیت کے جذبات پیش کرتا ہوں -

چوہدری امان اللہ لک (گجرات ۸) — جناب والا میرے دوستوں اور خاص کر قائد حزب اختلاف اور قائد حزب اقتدار کی وہ پرخلوص اور با معنی گفتگو جو انہوں نے ہاؤس کی طرف سے نذرانہ عقیدت پیش کرنے کے لئے فرمائی ہے - اس کے بعد میں کچھ اور عرض کرنے کی گنجائش نہیں سمجھتا لیکن میں صرف اتنا ضرور عرض کروں گا کہ میں آپ کے مد مقابل ایک امیدوار کی حیثیت سے کھڑا ہوا تھا لیکن جب قائد حزب اختلاف اور قائد حزب اقتدار کی آپس میں وہ گفتگو میں نے سنی کہ اس اسمبلی ہال کو وہ تقدس جو آج ہم نے دیا ہے

وہ یہ چاہتے تھے کہ ہم باہمی دست تعاون دراز کر سکیں - تو اس کے بعد میں نے اس کے سامنے سر تسلیم خم کیا اور کاغذات نامزدگی واپس لے لئے - یہ دست تعاون تھا جو میں نے آپ کی طرف بڑھایا اور اس توقع کے ساتھ بڑھایا کہ آپ نے اپنے عمل سے اپنے علم سے اپنے تدبر اور فراست سے اس ایوان کے وقار کو بام تکمیل تک پہنچانا ہے - بعض ہمارے دوست مثلاً خواجہ شجاع الدین مرحوم اور دوسرے سابقہ سپیکر صاحبان جو اس اسمبلی میں تشریف لائے - ان کے نقش کو آپ نے نوازنا ہے - اور میں سمجھتا ہوں کہ آپ ان سے بھی ایک اور قدم آگے چل پڑنے پر مجبور ہوں گے - اس لئے کہ اس مرحلے میں جس میں کہ آج ہم موجود ہیں - اس دور کے واقعات میں بہت اتار چڑھاؤ تھا - معاشرے میں وہ قناعت تقوی جس سے ہم آج محروم ہیں - وہ ہم مجبور ہیں - چاہے حزب اقتدار ہو یا حزب اختلاف ہو ایسے ہم واقعات اور حوادث میں گرفتار ہیں اور بڑی شدت سے گرفتار ہیں - کیونکہ واقعات میں ایک طوفان آ چکا ہے - جس سے ہم اسمبلی کے اندر اور باہر متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے - اب اس طوفان کے سامنے آج کے زمانے میں اور پہلے وقتوں میں بہت زیادہ فرق ہے - اور تیسرے میں اپنے دوستوں سے معذرت بھی پیش کرتا ہوں کہ میں اگر یہ الفاظ کہوں تو محسوس نہ کریں کہ ہم میں وہ معیار وہ تعلیمی اور ادبی ذوق اس مقام پر نہیں جس کی ہمیں ضرورت ہے - اس لئے ہمارے جو مشکلات ہیں وہ نا تجربہ کاری کی وجہ سے ہیں - آپ کو اس بلند مقام کو قائم رکھنے کے لئے بہت ہی نیچے مقام سے ہے کہ ہمیں ساتھ لے کر چلنا ہوگا اور ہم بھی کوشش کریں گے - ہم بھی اس ایوان کے وقار کو بلند کرنے کے لئے دست تعاون بڑھائیں گے - لیکن بعض مشکلات جو پیدا ہوں گی ان کو دور کرنے کے لئے ہم آپ کی مشکل راہ تصور کریں گے - اور جو مشکلات پیدا ہو گئی ہیں میں امید کرتا ہوں کہ آپ ان پر قابو پانے میں کامیاب ہوں گے - آخر میں میں یہ عرض کروں گا کہ میں اور میرے دوست آپ سے پورا تعاون اور امداد کرنے کا وعدہ کرتے ہیں - شکریہ

[illegible] (میانوالی ۳) : جناب سپیکر - میں آپ کو اپنی طرف سے اور پارٹی لیڈر کی حیثیت سے مبارک باد پیش کرتا ہوں - جناب والا آپ جس کرسی پر بیٹھے ہیں اس کرسی پر بہت سے

دوست آئے اور چلے گئے - صرف وہ لوگ جو اپنی اچھی روایات چھوڑ کر چلے گئے ہیں - ان کا نام آج تک باقی ہے - اور بہت سے ایسے لوگ جو اس کرسی پر بیٹھے ہیں لیکن انہوں نے کوئی اچھی روایات قائم نہیں کی ہیں - آج ان کا نام لینا کوئی بھی مناسب نہیں سمجھتا - میں یہ سمجھتا ہوں کہ جناب والا بھی سپیکر کے فرائض صحیح معنوں میں سرانجام دیں گے - جس طریقے سے آپ نے حلف لیا ہے . اور جس طریقے سے عوام کے لیڈر نے ہمیں یقین دلایا ہے اس پر پورا اترنے کی آپ کوشش کریں گے - میں جناب والا کو پھر یہ عرض کروں گا - کہ مجھ سے پہلے میرے بہت سے دوست مفصل طور پر آپ سے عرض کر چکے ہیں - کہ یہ کرسی جس پر آپ تشریف فرما ہیں - یہ کسی کی وفادار نہیں ہے - صرف ایک ہی چیز ہوتی ہے - وہ یہ کہ اگر آپ صرف انصاف اور تدبر سے کام لیں گے تو آپ کا نام اس هاؤس کی تاریخ میں ہمیشہ کیلئے قائم رہے گا - میں ایک بار پھر مبارکباد دینے کے بعد اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

مخدوم زادہ حسن محمود (رحیم یار خان ۱) - جناب سپیکر ! میں پاکستان مسلم لیگ پنجاب پارلیمانی پارٹی کی طرف سے آپ کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ساتھ ہی میں معذرت چاہتا ہوں کہ اگر کچھ الفاظ آپ تک نہ پہنچ سکیں کیونکہ میرے گلے کا اپریشن ہوا ہے اور پوری صحتیابی میں کچھ عرصہ درکار ہے تب بھی میں اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ میں آپ کی خدمت میں اپنی پارٹی کی طرف سے آپ کو پورے تعاون کا یقین دلاؤں آپ سے پہلے اس ایوان میں جو سپیکر رہ چکے ہیں اگر ہم ان کو خراج تحسین پیش نہ کریں تو ہم اپنے فرائض میں کوتاہی کریں گے - جناب والا جو بھی پیش رو سپیکر اس ایوان میں آئے ہیں انہوں نے قواعد و ضوابط کی پوری طرح پابندی کی ہے - اور ان کے نام یہ ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ ان کو خراج تحسین پیش کرنے میں تمام اراکین اسمبلی میرے ساتھ شریک ہوں گے - چودھری سر شہاب الدین مرحوم ۱۹۳۷ء میں سپیکر منتخب ہوئے - ۱۹۴۷ء میں دیوان بہادر ایس - پی سنگھا سپیکر آئے - ۱۹۴۸ء میں شیخ فیض محمد صاحب اس کرسی پر رونق افروز ہوئے - اس کے بعد ۱۹۵۱ میں ڈاکٹر خلیفہ شجاع الدین مرحوم سپیکر منتخب ہوئے - ون یونٹ بننے کے بعد میرے فاضل دوست کے دوست چودھری فضل الہی صاحب تشریف لائے اور اس کے بعد مارشل لا آیا - اور جمہوریت ختم ہو

گئی - کچھ تھوڑے عرصے کیلئے مبین الحق صدیقی صاحب تشریف لائے اور اس کے بعد پھر میرے فاضل دوست کے دوست چودھری محمد انور بھنڈر صاحب تشریف لائے - مجھے یہ سمجھ نہیں آئی کہ انہوں نے کس سپیکر کے متعلق کہا ہے - کہ کس نے روایت اچھی چھوڑی اور کس نے بری چھوڑی - جتنے سپیکر آپ سے پہلے عہدہ برآ ہوئے ہیں انہوں نے اس ہاؤس میں اچھی روایات قائم کی ہیں اور ہمیں توقع ہے - کہ باوجود اس کے کہ آپ نے اکثریتی پارٹی کے امیدوار کی حیثیت سے اس الیکشن میں حصہ لیا - لیکن بحیثیت سپیکر آپ حق و انصاف سے کام لیں گے - جہاں تک میری جماعت کا تعلق ہے - باہر میدان سیاست میں اور اندرون اسمبلی ہمارے قائد نے اور ہماری جماعت نے اعلان کیا ہے کہ چونکہ دونوں پارٹیوں میں ملک کی Socio-economic problems کے متعلق Identity of views پائی جاتی ہے اور کچھ یکسانیت بھی پائی جاتی ہے - اس لئے ہم نے بلا شرط پیپلز پارٹی کے ساتھ تعاون کا اظہار کیا ہے (تالیاں) جہاں تک بلا شرط کا تعلق ہے اسکے متعلق کچھ غلط فہمی ہے جس کی میں وضاحت کرنا چاہتا ہوں - ملک کے خلاف Global intrigue پورے زوروں پر تھی - اور چھ نکاتی پروگرام پر تقریریں ہوتی تھیں لوگوں میں Election Campaign کی جا رہی تھی -

علامہ رحمت اللہ ارشد—میں فاضل دوست سے یہ پوچھوں گا کہ یہ اپنی پارٹی کا منشور بتانا چاہتے ہیں یا مبارکباد پیش کرنا چاہتے ہیں -

سید مظفر زادہ حسن محمود—جناب میں عرض کروں گا کہ علامہ صاحب اپنے الفاظ واپس لیں - خاص طور پر قائد حزب اختلاف کی جو تقریر ہے اگر اس میں منشور کا ذکر نہ ہو تو میں بھی اپنے الفاظ واپس لینے کیلئے تیار ہوں - میں کسی چیز میں تجاوز نہیں کر رہا ہوں -

علامہ رحمت اللہ ارشد- میں نے اپنے کسی منشور کا ذکر نہیں کیا تھا - میں نے صرف یہ کہا تھا کہ حزب اختلاف کا کردار جو ہے وہ ایک محب وطن سیاسی جماعت کی حیثیت سے تعمیری تنقید کرے گی اور حقوق استحقاق اپنے لیئے محفوظ رکھے گی - اس کے ساتھ شدید فکری اور نظری اختلافات کے باوجود بھی ہر روز الفاظ میں اچھے تعاون کا اظہار کریں گے - میں نے حزب اختلاف کے کردار کا نام لیا تھا نہ کے کسی جماعت کہ منشور کا نام لیا تھا -

سید مظفر زادہ حسین محمود۔ جناب ہماری پارٹی کے حقوق اس ایوان میں اتنے ہی ہونگے۔ جتنے حقوق دوسری پارٹیوں کو حاصل ہیں۔ میرا مقصد یہ تھا کہ اکثریتی پارٹی سے ہماری Identit of views ہے۔ جس بحران سے ملک گزر رہا ہے۔

(مداخلت)

علامہ رحمت اللہ ارشد۔ میں پھر بھی یہی عرض کروں گا کہ فاضل ممبر کو اس کی وضاحت کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ میں ان کو یقین دلاتا ہوں ہمیں ان کے خیالات کا پورا علم ہے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے ہیں کہ ان کو بھی موقع مل جائے جیسا کہ کسی اور کو ملا ہے (تالیاں)

سید مظفر زادہ حسین محمود۔ اگر میرا یہ خیال ہوتا تو میں ان کے ساتھ شمولیت اختیار کرتا تو سب چیز جائز تھی لیکن اب مجھے یہ حق دیا جائے کہ میں اپنے کردار کی وضاحت کر دوں۔ کیونکہ میں بلا شرط پیپلز پارٹی سے کوئی الحاق یا اتحاد نہیں کر رہا۔ ہم یہ عرض کر رہے تھے کہ ملک کے سامنے اس وقت مسائل بڑے پیچیدہ ہیں۔ ہمارے نظریئے کے مطابق ملک کے سامنے صرف Socio-economic problems ہی نہیں تھیں بلکہ سیاسی مشکلات بھی تھیں Global intrigue جو ملک کے خلاف چل رہی تھی بیرونی طاقتیں اس ملک کو پارہ پارہ کرنا چاہتی تھیں۔ کچھ عرصے تک ہم اور پیپلز پارٹی میدان سیاست میں یکساں چلے۔ جب Socio economic problems کی بات آئی تو اس میں اختلاف پیدا ہوا۔ ہم نے کبھی بھی یہ نہیں کیا کہ پیپلز پارٹی چھ نکاتی پروگرام کی حامی ہے۔ شیخ مجیب الرحمان اور باقی جماعتیں چھ نکاتی پروگرام کی علمبردار تھیں۔

چوھدری امان اللہ لک۔ میں صاحب صدر سے یہ درخواست کرونگا کہ پیپلز پارٹی کے متعلق جو کچھ انہوں نے فرمایا ہے اور جو نکات وہ پیش کرنا چاہتے ہیں۔ میں اس پر اعتراض کرتا ہوں۔ انہوں نے تسلیم کیا ہے کہ تعاون نہیں کیا۔ خواہ اس میں شامل خان قیوم ہوں یا نوابزادہ صاحب ہوں یا یہ صاحب ہوں جو تقریر کر رہے ہیں۔ انہوں نے تسلیم کیا ہے کہ تعاون نہیں کیا۔ اس لئے میں آپکی وساطت سے ان سے عرض کروں گا کہ وہ اپنے نامہ اعمال سے پردہ اٹھائیں۔ اپنے نامہ اعمال سے پردہ اٹھانے کیلئے پیپلز پارٹی کا سہارا نہ لیں۔ اور

یونہی کہ رہے ہیں کہ تعاون کیا ہے ۔ تعاون نہیں کیا تسلیم کیا ہے ۔

(قطع کلامیاں)

بیگم باقیس حبیب اللہ — جناب سپیکر یہ بحث ہاؤس میں نہیں ہونی چاہیئے اس کے ساتھ میں اراکین اسمبلی کی طرف سے یہ کہنا چاہتی ہوں ۔

(مداخلت)

چودھری امان اللہ لک — آپ ایک منٹ کیلئے مجھے تقریر کر لینے دیں آپکو مکمل وقت دیا جائے گا ۔

مسٹر سپیکر ! — آپ تشریف رکھیں ۔ آپ کو مکمل وقت دیا جائے گا ۔

چودھری امان اللہ لک — میں عرض کر رہا تھا کہ اکثریت پیپلز پارٹی کی ہے ۔ پیپلز پارٹی کی اکثریت کا اندازہ سپیکر صاحب کے شکریئے کے انداز سے ہو گیا ہے جو انہوں نے اختیار کیا ہے ۔ تو میں تمام دوستوں سے استدعا کروں گا کہ وہ اپنے نامہ اعمال کو چھپائے رکھیں ۔ انہوں نے پیپلز پارٹی کے منشور کے ساتھ اتحاد کیا ہے ۔ ہم بھی کریں گے ۔ کل کو جب حزب اختلاف کے دوست یہ محسوس کریں گے ۔ کہ ایک ہی نکتہ ہے جو زیادہ وضاحت طلب ہے ۔ اسلئے میں حسن محمود صاحب سے استدعا کروں گا کہ جماعتوں کی اپنی اپنی سیاست ہے اسے بار بار بحث میں نہ لائیں صرف شکریئے تک تقریر کو محدود رکھیں ۔

بیگم باقیس حبیب اللہ — جناب والا ! میں یہ درخواست کروں گی کہ اس بحث کو ہاؤس کی کارروائی سے خارج کر دیں ۔ یہ بحث ہاؤس میں نہیں ہونی چاہئیے ۔

چودھری امان اللہ لک — جناب والا ! یہ پیپلز پارٹی کا سہارا لے رہے ہیں تا کہ وہ اپنے نامہ اعمال کو چھپائے رکھیں ۔ انہوں نے پیپلز پارٹی کے ساتھ اتحاد کیا ہوا ہے ۔ اور پیپلز پارٹی کے دوست محسوس کر لیں کہ پیپلز پارٹی کے ساتھ اتحاد کرنے والے کون کون سے لوگ وزارت میں لئے جائیں گے (مداخلت) میں جناب مخدوم زادہ سید حسن محمود اور امیر عبداللہ خان صاحب سے درخواست کروں گا کہ وہ پارٹی کو یہاں زیر بحث

نہ لائیں صرف شکریہ تک اپنی تقاریر کو محدود رکھیں - موچی دروازہ میں ایسی باتیں کہی جا سکتیں ہیں - یہاں ہاؤس میں ان کو ایسی باتیں کہنے کا حق نہیں ہے - میں ان سے استدعا کروں گا ہم سب دوست سمجھتے اور جانتے ہیں ان کا نامہ اعمال سب ہمارے سامنے ہے - کیا پیپلز پارٹی کے منشور کے ساتھ اتحاد نہیں کیا گیا ؟ (تالیاں) اس لئے میں دوبارہ ان سے درخواست کروں گا کیونکہ وہ بار بار اس معاملہ میں الجھ رہے ہیں- وہ صرف شکریہ تک اپنی تقریر محدود رکھیں -

خان امیر عبداللہ خان — آپ نے اس کے متعلق رولنگ نہیں دی ہے آپ اس پر رولنگ دے دیں تا کہ یہ بحث ختم ہو جائے - شکریہ کے علاوہ کیا وہ اس وقت اور تقریر بھی کر سکتے ہیں ؟ میں اس وقت کچھ زیادہ نہیں عرض کرنا چاہتا -

مسٹر سپیکر — میں یہ سمجھتا ہوں کہ امیر عبداللہ خان صاحب کے پوائنٹ میں کافی وزن ہے - یہ باتیں سرسری طور پر پھر کسی موقع پر کہی جا سکتی ہیں -

سید مخدوم زادہ حسن محمود — جناب والا ! میں اپنی پارٹی کی طرف سے یہ وضاحت کرنا چاہتا ہوں جیسا کہ حزب اختلاف کے لیڈر کی تقریر سے ظاہر ہے کہ وہ مشروط طور پر حکومت سے تعاون کریں گے - جب میں تفصیل میں جاتا ہوں پتہ نہیں میرے دوستوں کو کیوں تکلیف ہوتی ہے- میں یہ کہہ رہا تھا کہ ہماری اکثریتی پارٹی سے کوئی سودا بازی نہیں ہوئی ہے - جب ہم یہ کہتے ہیں کہ غیر مشروط تعاون کریں گے تو اس کا مطلب وزارتوں یا عہدوں سے نہیں ہے (قطع کلامی) (آپ تو پرانے سیاستدان ہیں - آپ اس ایوان میں اچھی روایات قائم کریں) اگر ہم نے غیر مشروط طور پر ان کے ساتھ تعاون کیا ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ صرف عہدوں تک محدود ہے - میں عرض کروں گا کہ جہاں ان کے Socio-economic Principles ہمارے ساتھ in conflict نہیں ہیں ہم ان کے ساتھ متفق ہیں اور ہم اس پر عمل درآمد کریں گے - ہم اس چیز میں خوشی محسوس کرتے ہیں کہ عبوری آئین کے تحت ہر معزز رکن نے Basic ideology کا حلف اٹھایا ہے - ہم اپنی طرف سے اکثریتی پارٹی کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم آپ کے ساتھ پورا پورا تعاون کرنے کیلئے تیار ہیں- آئین کی بالادستی اور پاکستان کی سالمیت کے لئے اپنی جانیں قربان کرنے

کیلئے تیار ہیں ۔ (تالیاں) جناب صوبہ سرحد اور صوبہ بلوچستان میں اس وقت ہماری متبادل پارٹیاں ہیں ۔ اگر کسی وقت ملک کی سالمیت کو خطرہ یا خدشہ پیدا ہوا تو ہم پارٹی کے دوش بدوش لڑیں گے اور پیپلز پارٹی کے ساتھ پورا تعاون کریں گے ۔

مسٹر شیخ الطیور بیٹ پوائنٹ آف پرولیج ۔ My feelings have been injured due to the role of Opposition Parties جناب والا میں اردو میں بات کرتا ہوں اس بات سے میرے جذبات مجروح ہوئے ہیں اس سے پارٹی کی عزت کو زک پہنچتی ہے ۔ یہ کہا گیا ہے کہ پیپلز پارٹی آٹے کی تقسیم کی بات نہ کرے ۔ میں اس بات کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ آٹے کی تقسیم کی بات ایسی نہیں جیسے حزب اقتدار کے ممبر پیش کر رہے ہیں ۔ پرانے ڈپو ہولڈر corrupt تھے ۔ پیپلز پارٹی نے ورکرز کی ڈیوٹی لگائی تھی کہ وہ آٹے کی تقسیم صحیح طریقہ سے کریں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں یہ پوائنٹ آف پرولیج نہیں ہے ۔

شیخ محمد اقبال ۔(جھنگ ۱) جناب صدر میں اپنی پارٹی کی طرف سے جناب کو اتنے بڑے ایوان میں جس کی تعداد ۱۸۸ ہے اور باقی تمام صوبوں کے معبران کی تعداد بہت کم ہیں سپیکر منتخب ہونے پر دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ اسکے ساتھ ساتھ میں اس معزز ایوان کے معزز اراکین کو بھی مبارک باد پیش کرتا ہوں جنہوں نے آپ کے ساتھ تعاون کیا ۔ میں چودھری امان اللہ لک صاحب کو بھی مبارک باد پیش کرتا ہوں اور ان کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے آپ کے خلاف اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے لئے ۔ میں حزب اقتدار پارٹی کو بھی مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ اس نے آپ جیسے قابل اور تجربہ کار رکن کو اس معزز ایوان کا سپیکر منتخب کیا ۔ میں قائد ایوان ملک معراج خالد صاحب کو مبارک باد پیش کرتا ہوں اور امید رکھتا ہوں کہ ملک صاحب جب تک اس ایوان کے قائد رہیں گے وہ جمہوریت اور قانون کی بالا دستی کو قائم رکھیں گے ۔ جناب صدر ذوالفقار علی بھٹو صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ایک تجربہ کار پرانے سیاستدان اور پرانے پارلیمنٹرین کو پنجاب کا قائد ایوان منتخب کیا ہے ۔ (تالیاں)

جناب والا اسکے بعد میں آپ کا ایک بار پھر شکریہ ادا کرتا ہوں اور آپکو مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔

سردار امجد حمید خان دستی --(مظفر گڑھ ۱) جناب والا میں اپنی پارٹی پاکستان جمہوری پارٹی کی طرف سے آپکو مبارک باد پیش کرتا ہوں - آپ کا انتخاب اس وجہ سے بھی قابل افتخار ہے کہ آپ کو جماعت کے صدر کی طرح نہیں جن کی شمشیر کے زور پر کامیابی ہوئی اور آپکی پارٹی کی کامیابی ہوئی بلکہ بلا مقابلہ کامیابی ہوئی -

ایک ممبر --جناب والا مجھے اس پر اعتراض ہے - پاکستان کے صدر اس وقت پیپلز پارٹی کے صدر بھی ہیں - میں معزز رکن سے ان کے نکتہ کی وضاحت چاہونگا -

سردار امجد حمید خان دستی --میرے خیال میں یہ وضاحت کافی ہے - میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا - کہ مقابلے سے وہ بھی نہ بچ سکے - اور زیادہ آپ مبارک باد کے مستحق ہیں - کہ اس ہاوس نے آپ کو بلا مقابلہ منتخب کر کے عزت بخشی ہے - اور میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس عزت کے مستحق ہیں - اس تھوڑی سی دیر میں جو آپ کا انداز ہے اور جس انداز میں آپ نے صبرو سکون سے ہماری باتیں سنی ہیں - ہمیں یقین ہے اور امید ہے کہ جو توقعات ہم نے آپ کے متعلق قائم کر رکھی ہیں - ان پر آپ پورے اتریں گے - آپ کے بلا مقابلہ منتخب ہونے کی ایک بڑی وجہ قائد ایوان کی صلح کن مصلحت آمیز اور صلح وآشتی کی پالیسی پر عمل پیرا ہوتا ہے - اسلئے یہ انتخاب بلا مقابلہ عمل میں آیا - میں اکثریتی پارٹی سے جن کو انگریزی میں یہ کہا جاتا ہے کہ ''Brute Majority'' حاصل ہے یہ کہونگا کہ جمہوری طریقے سے منتخب ممبران Brute Majority حاصل کرتے ہیں - تو وہ Brute کے طریقے سے اجتناب کرتے ہیں - میں یہ توقع رکھتا ہوں کہ جہاں بھی کوئی بات اس ایوان میں پیش ہو گی تو وہ صبر و سکون سے جمہوری اقدار کو سامنے رکھتے ہوئے اور جناب صدر اس ہاؤس کے وقار کو مد نظر رکھتے ہوئے نہایت سکون اور تحمل سے ہماری باتیں سنیں گے ہم جو شکایات یا انداز فکر آپ کے سامنے عرض کریں گے - اس میں اگر آپ یہ سمجھیں کہ کچھ غلطیاں سرزد ہوئی ہیں - تو آپ کو ان کو welcome کرنا چاہئے - غلطیوں کو آئندہ کے لئے ختم کرنا چاہیے - اس لحاظ سے آپ کو یہ سمجھنا چاہیے کہ ہماری یہاں جو موجودگی ہے آپ کے لئے اعانت - آپ کے لئے عوام میں اثر و رسوخ

پیدا کرنے کا باعث ہو گی - میں اپنی پارٹی کی طرف سے ایک بار پھر نہایت صدق دل سے آپکو مبارکباد پیش کرتا ہوں - اور توقع کرتا ہوں کہ آئندہ بھی آپ نہایت دیانتداری سے نہایت غیر جانبداری سے ہمارے درمیان فیصلے صادر فرمایا کریں گے -

مسٹر ناصر علی خان بلوچ—(لائل پور ۱۳) جناب سپیکر - میں اپنی پارٹی جمیعت العلماء پاکستان کی طرف سے آپ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں - خاص کر جناب قائد ایوان قائد حزب اختلاف اور باقی فاضل دوستوں کی تقاریر کے بعد میں یہ نہیں سمجھتا کہ کوئی چیز باقی رہ گئی ہے - لیکن میں اپنی پارٹی کی طرف سے ایک دو چیزیں عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں - وہ یہ ہیں کہ میری پارٹی بلا وجہ کوئی ایسی تنقید نہیں کرے گی - جو مخالفت برائے مخالفت پر مبنی ہو - اسکے علاوہ اسلام اور پاکستان کے استحکام کو ضروری سمجھے گی ہماری پارٹی یعنی جمعیت العلماء پاکستان پاکستان کے استحکام کے لئے ہمیشہ کوشش کرے گی - اور اس کے علاوہ ہر جائز بات پر حکومت سے تعاون کرے گی -

جناب - میں آخر میں پھر آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

مسٹر طاہر بیگ—میرے ایک فاضل دوست نے ہماری پارٹی کے لئے نازیبا الفاظ استعمال کئے ہیں - اور انہوں نے ہماری پارٹی کو "Brute Majority" کہا ہے ان کو کہنا چاہئے تھا "Bare Majority" ان کو "Brute" کا لفظ واپس لینا چاہئے -

Begum Rehana Sarwar : Mr. Speaker, Sir, since I represent ladies, who constitute about 50% of the population of Pakistan, I take this opportunity to congratulate you on assuming the office of the Speaker. Mr. Speaker, Sir, we assure you of our full co-operation, devotion to duty and unity for the prosperity and integrity of Pakistan.

بیگم بلقیس حبیب اللہ—جناب سپیکر- میں اپنے ملک کی خواتین کی طرف سے آپ کو مبارک باد پیش کرتی ہوں - اسکے ساتھ ہی ہماری بہت سی توقعات آپ سے وابستہ ہیں - ہمیں امید رکھنی چاہئے کہ تحفظ حقوق خواتین کے لئے اسوقت جو ادارے قائم ہیں - ان کے علاوہ آپ ہمیں اور بھی مراعات دیں گے اور ہمیں آبادی کا پچاس فیصد حصہ سمجھ کر شانہ بشانہ چلنے کے لئے ہر ادارے میں اور ہر جگہ مراعات دی جائیں گی - اسکے ساتھ ہی میں یہ بھی کہونگی کہ اپوزیشن پارٹی

نے ہمارے اوپر ناروا تنقید کی ہے ۔ فرعون اور یزید جیسے الفاظ ہمارے لئے استعمال کئے ہیں جسکا مجھے دکھ ہوا ہے ۔

جناب سپیکر آپ کا کردار آئندہ حزب اقتدار اور حزب اختلاف سے ایسا ہونا چاہئے کہ ہم یہ کہنے پر مجبور ہو جائیں کہ ۔

هزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

سردار امجد حمید خاں دستی ۔ Point of Personal explanation Sir, ایک خاص ممبر صاحب نے مجھ سے وضاحت طلب کی ہے میں نے ان کی اکثریت کے متعلق Brute Majority کا لفظ استعمال کیا ہے ۔ یہ انگریزی کا لفظ ہے ۔ جسمیں آپ کی تعریف کی گئی ہے ۔ تو آپ کو اسپر فخر کرنا چاہئے ۔

Mr. Tahir Beg: I will not tolerate any of the honourable members using the word "brute majority" for members of the Pakistan Peoples Party. This is an acknowledged and accomplished majority acknolwedged by the people of the Punjab and the people of Pakistan. The honourable member may rather be feeling ashamed when he used these words. I would request the honourable member to withdraw the words and ask him to consult a good English Dictionary. This is an expression of bad english.

علامہ رحمت اللہ ارشد۔ Point of Personal explanation Sir مسٹر سپیکر میں اپنی بہن بلقیس صاحبہ کو یقین دلاتا ہوں کہ میں نے جو الفاظ کہے تھے وہ اس لئے کہے تھے کہ یہ بڑے بڑے فرعونوں کے ساتھ تھے جو جمہوریت اور اسلامی نظریہ پاکستان پر کوئی مصالحت کرنے پر تیار نہیں تھے میرا اشارہ نہ کسی جماعت کی طرف تھا اور نہ کسی فرد کی طرف تھا ۔

سردار نوابزادہ عطا محمد خان لغاری ۔ (ڈیرہ غازی خان م) جناب سپیکر ۔ میں پاکستان کے سب سے زیادہ پسماندہ ضلع کے ایک آزاد امیدوار کے طور پر آپ کو ھدیہ تبریک پیش کرتا ہوں کہ آپ بلا مقابلہ اس ایوان کے سپیکر منتخب ہوئے ہیں ۔

جناب صدر ۔ اٹھارہ سال کے بعد پنجاب اسمبلی دوبارہ Meet کر رہی ہے ۔ اور پہلی دفعہ یہاں پر بالغ رائے دہی کی بنیاد پر ایکشن

ہوا ہے - مجھے خوشی ہے - جیسے باقی سارے ملکوں میں اس قسم کی روایات ہیں کہ سپیکر متفقہ طور پر منتخب ہوتا ہے - ہم نے بھی انہیں روایات کے مطابق آپ کو متفقہ طور پر منتخب کیا ہے -

جناب والا اگر آپ اجازت دیں تو میں قائد ایوان اور ممبران اسمبلی کی خدمت میں دو تین گذارشات پیش کرنا چاہتا ہوں - میں اس لئے اجازت چاہتا ہوں کہ اس اسمبلی کے سیشن کے لئے دو دن دیئے گئے ہیں - کل تو حلف اٹھانے میں گزر گیا - آج بھی بہت سارے ممبران نے حلف اٹھایا اور آپ کا الیکشن بلا مقابلہ ہوا اگر موقع مل گیا ہے تو کچھ اپنے علاقے کے حالات آپکو پیش کروں گا - جناب والا جب سے ون یونٹ بنا -

مسٹر سپیکر آپ کو کافی موقع ملے گا بجٹ آئے گا جنرل تقاریر ہوں گی -

سردار نوابزادہ عطا محمد خاں لغاری - کچھ تھوڑا سا موقع دیجئے - بجٹ کے آنے تک تو دو ماہ ہیں - میں صرف دو تین منٹ لوں گا - اگر اجازت ہو تو کچھ عرض کروں -

مسٹر سپیکر - اس طرح سے دوسرے اضلاع اور شہروں کے حالات بیان ہونے شروع ہو جائیں گے - اور سیشن لمبا ہو جائے گا -

سردار نوابزادہ عطا محمد خاں لغاری - دو تین منٹ لوں گا - اگر آپ اجازت دیں -

مسٹر سپیکر - آپ کو معلوم ہے کہ ۱۸۰ سے زیادہ ممبران تشریف رکھتے ہیں -

سردار نوابزادہ عطا محمد خاں لغاری - اس لئے میں آپ کو مبارکباد دیتا ہوں کہ آپ متفقہ طور پر elect ہوئے ہیں -

مسٹر سپیکر - اجازت ہے - شروع کریں-

سردار نوابزادہ عطا محمد خاں لغاری - جس کام کے لئے ہم آئے تھے - اس کے لئے وقت صرف دو دن کا تھا - ہماری بہت سی توقعات تھیں جس کے لئے ہم آئے تھے - ہمارے بے شمار مسائل ہیں ان کو کسی نہ کسی رنگ میں پیش کرنا ہے - ان میں سے بعض فلاح عامہ کے لئے ضروری ہیں - میری ذات کے لئے نہیں اس لئے میں استدعا کروں گا کہ کسی نہ کسی وقت ہمیں موقع دیں - بجائے اس کے کہ ہم آئیں اور چلے جائیں - قوم کے لئے بھی

تھوڑا سا وقت نکال لیا جائے ۔ کیونکہ کچھ هفتوں میں اسمبلی کا سیشن هونے والا ہے ۔ اس لئے حزب اقتدار کو پتہ چل جائے کہ هم ان کی حقیقی توجہ کو مبذول کرا سکتے هیں ۔

مسٹر سپیکر — ٹھیک ہے آپ کی بات پر عمل کر لیا جائے گا ۔

سید ظفر علی شاہ تحفظ [illegible] — جناب والا اب میں اپنی بات ختم کرتا هوں اور حزب اقتدار کے دوستوں سے توقع رکھتا هوں کہ وہ میری خواهشات کے [illegible] تعاون کریں گے تاکہ کسی نہ کسی مسئلے کی نشان دهی مختصر الفاظ میں بیان کر دی جائے ۔ چونکہ اگلا سیشن جلد شروع هونے والا ہے ۔ میں چاهتا هوں کہ اپنے مسائل اس اجلاس میں پیش کرنے کیلئے کچھ تیاری کر لیں تا کہ هم [illegible] اور دوسرے دوستوں کو مشورہ دے سکیں ۔

Point of Personal Explanation (ملک معراج خالد)

[illegible] — پروگرام کے مطابق یہ سیشن دو دن کے لئے ہے ۔ جہاں تک میرے فاضل دوستوں کا یہ خیال ہے کہ همیں موقع دیا جائے کہ هم یہاں عوام کے مسائل پیش کر سکیں اور ان کی زبانی جان سکیں کہ عوام کے مسائل کیا هیں ۔ تو میں یہ عرض کرنا چاهتا هوں کہ جہاں تک عوام کے مسائل جاننے کا تعلق ہے هم پورے دعوے سے کہہ سکتے هیں کہ هم سے زیادہ عوام کے مسائل کو کوئی اور نہیں جانتا ۔ (تالیاں) اور همیں یہ بڑی اپنے آپ پر پورا بھروسہ ہے کہ ان مسائل کو حل کرنے کے لئے جو پروگرام هم رکھتے هیں اور جو لائحہ عمل همارے پیش نظر ہے وهی بہتر هو سکتا ہے ۔ (تالیاں) اسکے باوجود همارے معزز ارکان کو یاد ہے کہ بجٹ سیشن آرها ہے اور اس سیشن میں تمام مسائل اور ترقی کے متعلق گفتگو کریں گے ۔ اور سارے دوستوں کو کہیں گے کہ وہ عوام کی بہتری کے لئے جو کچھ هو سکے کریں ۔ میں عرض کرنا چاهتا تھا کہ جن مسائل پر بحث هو رهی ہے اسی تک محدود رکھی جائے ۔ ان کو دوسرے مسائل تک نہ پھیلائیے

چوهدری اعتزاز احسن — ذرا میری بھی سن لیجئے ۔ مجھے یہاں harassment هو رهی ہے اس لئے وقت کم کرنا چاهتا هوں ۔

مسٹر سپیکر — میں تقاریر کے لئے سوا گیارہ تک کا وقت تعین کرتا هوں ۔

مسٹر فتح محمد شاہ نواز — میں آپکو مبارکباد دیتا ہوں اور مبارکباد ایوان کے ممبران صاحبان کو بھی کہ انہوں نے ایسی choice کی ہے جو اس ایوان کے تمام ممبران کے ساتھ پورا پورا تعاون کریں گے۔ میں اس ایوان میں اس وقت رہ چکا ہوں جس وقت اس ایوان کے سارے حقوق کو مارشل لا regime نے سلب کیا تھا - ۱۹۵۸ میں مارشل لا اس ملک پر نافذ ہوا اور اس لعنت کو اب ہماری عوام کی مسلسل کوششوں کی وجہ سے دور کیا گیا ۔ جنہوں نے اس میں حصہ لیا اور جنہوں نے پاکستان کو آزادی واپس دلائی ۔ میں آپکے توسط سے ان سب کو مبارکباد دیتا ہوں ۔ اور ان کے نمائندے جو آج سب ملے جلے بیٹھے ہیں ۔ یہ privilege primarily ہوا ہے ان لوگوں کو جاتا ہے۔ میں آپکے توسط سے ان سب ممبران کو مبارکباد دے رہا ہوں اور میں یہ امید کرتا ہوں کہ آج کے بعد ایک عوامی حکومت کے وجود میں آنے کے بعد مارشل لا کی لعنت جو اس ملک پر اور ہم پر دو دفعہ نافذ ہوئی ہے پھر کبھی اس ایوان میں نہ آسکے گی ۔ (نعرہ ہائے تحسین) میں اس وقت جذبات میں آکر کسی اور مسئلے کو لانے کی ضرورت نہیں سمجھتا ۔ مجھے یہ پورا یقین ہے کہ جیسا کہ ایوان کے قائد نے بتایا ہے انہوں عوام کا پورا احساس ہے ۔ لیکن ہم پر بھی فرض ہے کہ آج جب ہمیں یہ موقع ملا ہے اور یہ ذمہ داری ہمیں سونپی جا رہی ہے اس وقت صبروتحمل سے کام لینا چاہئیے ۔ اور ہر ایک کو اس کام میں پورا تعاون کرنا چاہئیے کسی ذاتی مفاد کی بنا پر نہیں بلکہ اسلام کی بقا کے لئے ہمیں اپنا ذاتی اتحاد طرف بڑھانا چاہئیے ۔ تاکہ ہمارا اپنا گرا ہوا مکان جو خدا کے فضل سے اب استوار ہو گیا ہے قائم‌ودائم رہ سکے ۔ آپ کو معلوم ہو گا کہ ۱۹۶۵ کی لڑائی میں انڈیا کے چیف آف سٹاف نے یہ اعلان کیا تھا کہ ہم اپنا شام کا کھانا جیمخانہ کلب میں کھائیں گے ۔ اسکے بعد ۱۹۷۱ء میں ہمارے اوپر انہوں نے جنگ مسلط کی ۔ ایک دفعہ پھر ہم اپنے عوام کی patriotism اور انکی sacrifices کی وجہ سے اس قابل ہوگئے ہیں کہ ہم ایک آزاد باشندے کی حیثیت سے اس ایوان میں قدم رکھ کر آزادی کے ساتھ اپنی باتیں آپکے کانوں تک لا سکیں ۔ میں آپکو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہم نہ صرف آپکے ساتھ Socio-economic reforms میں تعاون کریں گے بلکہ انشاءاللہ پاکستان اور اسلام کی بقا کے لئے ہم اپنی

جانیں بھی آپکے ساتھ قربان کر دینگے - آج جس وقت ہم نے شہداء کے لئے فاتحہ پڑھی تو ہر آدمی اپنے دل میں یہ محسوس کر رہا تھا کہ اس وقت شہداء ہمارے سامنے نہیں لیکن مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہمارا یہ ایمان ہے کہ وہ زندہ ہیں اور انکی آنکھیں اور انکی روح جو ہے ہمارے کردار کو دیکھ رہی ہے اور ہمارے کردار کو آئندہ چند سالوں تک دیکھتی رہیگی - کہ انکی قربانیوں کا ہم انکو کیا صلہ دے رہے ہیں -

مسٹر سپیکر : آپ کا وقت ختم ہوگیا ہے

مسٹر تاج محمد خانزادہ : آخر میں اپنی تقریر ختم کرنے سے پہلے ایک بار پھر آپکو مبارکباد دیتا ہوں -

مسٹر محمد حنیف رامے (لاہور ۴) : جناب صدر - میں اپنی پارٹی کے ایک معمولی کارکن ہونیکی حیثیت سے یہ گزارش کرنی چاہتا ہوں کہ ہم نے اپنے حزب اختلاف کے دوستوں کی تقاریر سنیں - ہم ان کے جذبات اور خیالات کا پورا پورا احترام کرتے ہیں - ہم ان کو یقین دلاتے ہیں کہ جس جمہوریت کے لئے ہم قربانیوں کے دریاؤں سے - جنگلوں سے گزرکر آئے ہیں - جس جمہوریت کے لئے یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم یہاں کسی جنگل کے قانون کو نافذ نہیں ہونے دیں گے ہم ان کو جناب والا آپکی اجازت سے بتانا چاہتے ہیں اور یقین دلانا چاہتے ہیں کہ ہم نے اس جنگل کے قانون کیخلاف خون سے بھری ہوئی ایک جدوجہد کی ہے - ہم لوگ اسی خون اور آگ کے دریا سے گزر کر آئے ہیں جس نے اس ملک کے عوام کو اس ملک کے نئے ایوانوں کو ایک نئی زندگی دی ہے اور اب ۱۴ سال کے بعد پنجاب میں ایک نمائندہ اور منتخب اسمبلی کام کرنے لگی ہے (نعرہ ہائے تحسین) - جناب والا میں یہ گزارش کرنی چاہتا ہوں کہ ہم عوام کے نمائندے ہیں - ہم ان درو دیوار سے اتنے واقف نہیں ہیں جتنے کہ حزب اختلاف کے قائد ہیں - لیکن اگر جمہوریت کا نام عوام کی خدمت ہے تو ہم یہ کام جانتے ہیں اور ہم اسی خدمت کے لئے اس ایوان میں آئے ہیں اور ہم اس ایوان کی جہاں اس کی پرانی روایات تازہ کریں گے وہاں اچھی اور نئی روایات بھی قائم کریں گے - وہاں ہم ایک نئی روایت کی داغ بیل ڈالیں گے - وہ یہ کہ اب یہاں صرف تقریریں نہیں

ہوں گی عوام کی خدمت ہوگی ۔ اگر عوام کی خدمت نہ ہوئی تو میں اپنے ساتھیوں کو اور حزب اختلاف کے ساتھیوں کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ ۱۷ برس سے پہلے اور اس کے بعد یہاں اسمبلی کام کرتی رہی ہے اور اس ملک میں بظاہر جمہوریت کے مخالف اقدام کار فرما رہے ہیں لیکن وہ ناکام دور تھا ۔ اس دور میں جمہوریت کا نام لیا گیا لیکن عوام کی خدمت نہیں کی گئی اس لئے عوام مایوس بھی ہوئے اورعوام کے نمائندوں کو بھی مایوسی ہوئی ۔ اس لئے ہم ایک نئے دور میں ایک نئی ذمہ داری کے ساتھ اس ایوان میں داخل ہوئے ہیں ۔ جناب والا میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر ہم ناکام ہوئے ۔ اگر ہم نے جمہوریت کے مشن کو اپنے خون سے زندگی نہ دی تو جمہوریت کا شاید اس ملک میں یہ آخری موقع ہو لیکن ہم آپ کے ساتھ پورا تعاون کریں گے ۔ حزب اختلاف کے ساتھ پورا تعاون کریں گے ۔ ہم ان کو ساتھ لے کر چلیں گے تاکہ جمہوریت کا چراغ جس کو میرے قائد نے میری پارٹی نے اور میرے بھائیوں نے اور آپ نے بھی اپنے خون سے روشن کیا ہے وہ پھر کبھی نہ بجھ سکے ۔ ہم جناب صدر آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم آپ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں گے حزب اختلاف کے موقف کا پورا پورا احترام کریں گے ۔ اگر وہ اور ہم شانہ بشانہ عوام کی خدمت کر سکیں تو نہایت اچھا ہو گا کیونکہ عوام کی خدمت جمہوریت کا اصل مقصد ہے ۔

مسٹر احسان الحق پراچہ : (سرگودھا۔۴)۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کو متفقہ طور پر سپیکر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ اس ایوان کی امیدیں جو آپ سے وابستہ ہیں آپ ان پر پورا اتریں گے ۔ میں اپنی اور اپنی پارٹی کی طرف سے پھر ایک بار اپنے تعاون کا یقین دلاتا ہوں ۔

چوہدری امان اللہ ایک : پوائنٹ آف پرسنل ایکسپلینیشن جناب سپیکر ۔ ہم سب نے عملی طور پر کام کرنے کا عہد کیا ہے اور آپ نے بھی عملی طور پر کام کرنے کا عہد فرمایا ہے ۔ قائد حزب اختلاف کے جو الفاظ ہیں ان کے متعلق میں یہ عرض کروں گا بلکہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ ہماری قوم غریب ہے — — — — قطع کلامیاں ۔

مسٹر سپیکر : تجویز کے لئے تو آپ کو ریزولیوشن لانا چاہئیے ۔

چوہدری امان اللہ ٹھکر : جناب والا — میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں [illegible] کیونکہ ہماری قوم غریب ہے ہم سب کو یہاں بالکل سادگی کے انداز میں آنا چاہیئے - اور میرے سامنے جو معزز ممبران تشریف فرما ہیں وہ بھی آئندہ اس سادگی کے انداز میں تشریف لائیں تاکہ [illegible] کوئی فیشن نہ چل سکے - ہم لوگوں کو باہر بتا سکیں [illegible] ہم جو حزب اقتدار اور حزب اختلاف کے غریب نمائندگان [illegible] ہم کسی فیشن یا شو کے قائل نہیں ہیں -

مسٹر ڈپٹی سپیکر : یہ متعلقہ بات نہیں ہے - میں یہ عرض کروں گا کہ [illegible] منٹ پر تمام تقاریر ختم ہو جائینگی -

ایک آواز : آدھا گھنٹہ ابھی باقی ہے -

سید احمد نواز شاہ : جناب والا میری گزارش یہ ہے کہ کم از کم وہ حصہ نکال دیا جائے جو پوائنٹ آف آرڈر یا پوائنٹ آف پرسنل ایکسپلینیشن پر صرف ہوا ہے تقریروں کے لئے آپ نے یہ وقت دیا ہے لیکن ان چیزوں کے لئے نہیں دیا تھا -

مسٹر ڈپٹی سپیکر : گھڑی تو اس وقت نہیں رکتی -

سید احمد نواز شاہ : وہ تو نہیں رکتی لیکن وقت صرف تقریروں کیلئے تھا -

[illegible] : میں جناب والا کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں - اس بارے میں آپ نہ صرف اس ہاؤس کے سپیکر منتخب ہوئے ہیں بلکہ ہم آپ سے یہ امید رکھتے ہیں کہ آپ ہم سب کے جذبات کا احترام کرتے ہوئے ہماری جائز مشکلات کو حل کرنے کی کوشش فرماتے رہیں گے - یہ وہ ہاؤس ہے جسے اللہ تبارک و تعالیٰ کی مہربانی سے یہ فخر حاصل ہے کہ وہ صحیح معنوں میں اس ملک کے عوام کے جذبات کی صحیح ترجمانی کرے - مجھے خوشی ہے کہ حزب اقتدار نے حزب اختلاف کو یقین بھی دلایا ہے کہ وہ ان کے ساتھ ہر جائز بات میں مکمل طور پر تعاون کرے گی - جہاں آپ پر کچھ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں وہاں ہمارا بھی یہ فرض ہے کہ ہم آپ کو اپنی ڈیوٹی کی سرانجام دہی میں مکمل طور پر اپنے تعاون کا یقین دلائیں - میں اس بارے میں جناب قائد حزب اقتدار کا بھی شکریہ ادا کرونگا کہ انہوں نے نہ صرف

حزب اختلاف کو قبول کیا ہے بلکہ اس کے ساتھ یقین بھی دلایا ہے کہ وہ ان کے ساتھ ہر جائز بات پر تعاون پیش کریں گے - میں یہ عرض کر دوں کہ حزب اختلاف کا جو مقصد آج تک اس ملک میں سمجھا جاتا رہا ہے وہ کچھ عجیب نوعیت کا ہے - یہی وجہ ہے کہ ہم نے حزب اختلاف کو صحیح طور پر نہیں سمجھا اور ہر وہ حکومت جس نے حزب اختلاف کی قدر نہیں کی حزب اختلاف کو اس کا صحیح مقام نہیں دیا اس کا حشر وہی ہوا جو سابقہ حکومتوں کا ہو چکا ہے - اپوزیشن حقیقت میں ایک اڈیٹر کا کام دیتی ہے - ہم ان کے ساتھ رہیں گے اور ہر جائز تحریک اور ہر جائز قدم کی حمایت کریں گے اور ان کے ساتھ پورا اتحاد اور تعاون پیش کریں گے جو عوام کی بھلائی کے لئے غریبوں کے لئے - اسلام کے لئے اور ہر بہتری کے لئے ہو - ہم اس قسم کا تعاون پورے طور پر لائیں گے اور اس کو نافذ کریں گے لیکن اگر کوئی چیز اس کے برعکس ہو تو ہم نہ صرف اس صورت میں اختلاف کریں گے بلکہ یہ بتا دیں گے کہ ایسا اقدام ہر گز نہ کیا جائے جس سے قوم اور ملک کا نقصان ہو - جب وہ منشور سے انحراف کریں گے جب یہ عوام کو دھوکہ دینے کی کوشش کریں گے جب وہ ملک میں لاقونونیت پیدا کریں گے اور جمہوریت کو اس ملک میں ختم کرنےکی کوشش کریں گے تو ہم اس کے سامنے سینہ سپر ہونگے -

مسٹر سپیکر : بہت زیادہ وقت ہو رہا ہے -

شیخ محمد اشرف : جناب والا حزب اختلاف قطعی طور پر ایک تعمیری اپوزیشن ہے اور یہ اپوزیشن برائے اپوزیشن قطعاً قائم نہیں کی گئی- جہاں بھی انہیں جائز امداد کی ضرورت پڑے انشا اللہ ہم ان کو دیں گے اور جہاں ہمیں کبھی جائز کام کیلئے انکی ضرورت پڑی تو مجھے یقین ہے کہ وہ اس چیز میں قطعی طور پر کنجوسی نہیں فرمائیں گے اور فراخدلی سے اپوزیشن کے تمام ارکان کی عزت کریں گے اور وہ ان کو وہی مقام دیں گے جو وہ اپنی پارٹی کے ارکان کو دیتے ہیں کیونکہ اسی میں جمہوریت کی بقا ہے اور اسی سے وہ اس جمہوریت کو قائم رکھ سکتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم نے ان اصولوں کو پامال کیا اور ہم نے جمہوریت کشی کرنیکی کی کوشش کی تو نہ عوام بخشیں گے اور نہ ہی ہم دیر پا رہ سکتے ہیں-

مسٹر سپیکر ۔ اب زیادہ تقاریر نہیں ہونی چاہئیں ۔

ایک معزز رکن ۔ جناب والا مجھے ایک پوائنٹ آف آرڈر پیش کرنا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ وقت بہت تھوڑا ہے ۔

چوہدری محمد حنیف ۔ جناب والا مجھے بھی مبارکباد دینے کا موقعہ دیا جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ وقت بہت تھوڑا ہے آپ مجھے کسی اور موقعہ پر باہر مل کر مبارکباد دے دیجئے ۔

سید تابش الوری ۔ جناب والا آپنے سب کو اجازت دی ۔ بہاولپور کیطرف سے بھی درخواست کی گئی تھی لیکن آپ نے مجھے ۲ منٹ کی تقریر سے بھی محروم رکھا ۔

مسٹر سپیکر ۔ وقت بہت ہو چکا ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ جو وقت کافی ہو گیا ہے اس سے مجھے بھی پریشانی ہو رہی ہے ۔

ایک آواز ۔ آدھ گھنٹہ بڑھا دیا جائے ۔

مسٹر محمد خان ۔ جناب والا ابھی ڈپٹی سپیکر کی حلف وفاداری کی رسم ہونی ہے ۔ اگر اس کے لئے وقت مقرر ہو جائے تو بہتر ہو گا جو صاحبان صرف مبارکبادی کیلئے اٹھتے ہیں ان کو احساس ہونا چاہئے کہ دوسروں نے بھی کچھ بات کرنی ہوتی ہے ۔

Mr. Speaker: I am sitting in front of the portrait of the father of the Nation Quaid-e-Azam and whatever I propose to submit will be actually an oath in his presence. I am overwhelmed with the great honour that has been conferred on me and I thank all the members of this House for having conferred this on me. I realise that an onerous duty and responsibility has been placed on my shoulders which are not broad enough to bear it unless I get the full co-operation of the members on both sides of this House. I have been greatly encouraged by the speeches of the members of this House, the Leader of the House, the Leader of the Opposition and leaders of other political parties and I am

confident that with this co-operation we all will be able to face the responsibility that has been entrusted to us.

(Applause)

I am grateful for the good words and the good wishes that have been expressed about me. I know my weakness and I also realise that most of the good words, that have been expressed, are actually a very sophisticated weapon employed for expecting a particular standard from me and I would do my best and assure my friends, the member of this House, that I will do my best to come up to their expectations.

(Applause)

We are meeting in anatmosphere wherein Martial Law has been en weeded out for ever under the Leadership of President Zulfiqar Ali Bhutto (Applause) and people have won their sovereignty after a long period of struggle. It is true that I have been elected to this House on the ticket of the Pakistan Peoples Party, a political party, which visualises a united, strong and prosperous Pakistan, which is possible only in a society free from exploitation and wherein the working classes have the political power to determine the destiny of the nation and wipe out unemployment, powerty and disease, and wherein every citizen is ensured and given the basic amenities of food shelter, education and health. But in performing my duties of my present office I shall be impartial, I shall serve this House fearlessly, without fear or favour, so long as I am entrusted with this duty, I assure you that I shall do my best to safeguard the rights and privileges of the House and its members and no power, authority or force shall be able to deter me from my path.

(Applause).

I shall serve the House to the best of my abilities and in discharging these obligations, I am further fortified by the fact that Pakistan Peoples Party is committed to the concept of progressive constitution in the form of democratic and parliamentary form of Government. I am conscious, as has been pointed out, that this Chair before me has been occupied by eminent parliamentarians like Ch. Shahabuddin Mr. S.P. Singha, Sh. Faiz Muhammad and Dr. Khalifa Shujauddin. I shall try to maintain the past traditions that were set by them. But for that I will need, as I said earlier, the co-operation of my friends in this House. Most of us are new faces to this House and friends who have been here earlier they will have to bear a little and I hope they will soon find that distinction between the old members and the new members will cease to be there after a short time after some experience of this House is gained by them.

I do not propose to take long. There is still the election of Deputy Speaker and he has to take oath. But before closing my statement I once again thank the members of this House, the Leader of the House and the Leader of the Opposition and leaders of all the parties that are represented here.

(Applause)

ڈپٹی سپیکر کا انتخاب

سیکرٹری ی اسمبلی ۔ معزز اراکین ۔ ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کیلئے مقرره میعاد میں شمیم احمد خاں صاحب ۔ منظور احمد موہل صاحب اور سردار نصراللہ خاں دریشک صاحب ارکان اسمبلی ھذا کے حق میں کاغذات نامزدگی داخل ہوئے ۔ منظور احمد موہل صاحب اور سردار نصراللہ خاں صاحب دریشک نے اپنے نام انتخاب سے واپس لے لئے ۔ اس اثنے میں شمیم احمد خاں صاحب کو منتخب ڈپٹی سپیکر قرار دیتا ہوں ۔ (تالیاں) اب شمیم احمد خاں صاحب حلف لینے کیلئے تشریف لائیں ۔

(اس مرحلہ پر شمیم احمد خاں صاحب نے ڈپٹی سپیکر کے عہدے کا حلف اٹھایا)

ڈپٹی سپیکر کی خدمت میں ہدیہ تہنیت

چوہدری محمد ظفر اللہ خاں ۔ (جھنگ ۳) جناب سپیکر میں جناب ڈپٹی سپیکر کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اسی کے ساتھ قائد ایوان ملک معراج خالد صاحب اور جناب گورنر صاحب کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کا انتخاب کیا ہے ۔ اور یقیناً ہر دو صاحبان اپنے عہدوں کے اہل ہیں ۔ اس کے علاوہ پہلے جو تقاریر ہوئی ہوں ان کے پیش نظر مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ ان دونوں صاحبان کو ہر دونوں پارٹیوں کی جانب سے تعاون کا یقین دلایا گیا اور مجھے امید ہے کہ جس طرح سے معزز ممبران نے تقریریں کی ہیں اسی جزبہ کے ساتھ وہ اپنے عمل کا مظاہرہ بھی کرینگے اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی ضرور عرض کروں گا کہ اس صوبائی اسمبلی کے سیکرٹری شیخ محمد اسد اللہ صاحب نے تھوڑے سے وقت میں جو انتظام کیا ہے وہ قابل قدر

ہے جس کے لئے میں انہیں مستحق مبارکباد سمجھتا ہوں اور ان کو بھی میں مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔

(قطع کلامیاں)

سید تابش الوری۔(بہاول پور-۱) جناب سپیکر۔ میں آپکو اور جناب ڈپٹی سپیکر کو بلا مقابلہ منتخب ہونے پر ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں ۔ حزب اقتدار اور حزب اختلاف کی جانب سے مشترکہ حمائیت کے بعد آپ دونوں حضرات اس ایوان کی تاریخ کا ایک جلی عنوان اور دونوں گروہوں کی طرف اتحاد کا نشان بن گئے ہیں ۔ میں نے محسوس کیا ہے کہ منصب سنبھالنے کے چند منٹ بعد میں آپ نے جس خوشگوار انداز میں تحمل و تدبر کے ساتھ اراکین اسمبلی کو اپنے فرائض ادا کرنیکا موقع دیا ہے اسکے پیش نظر یہ کہا جا سکتا ہے۔ کہ آپ آئے۔آپنے صدارت کی اور آپنے تسخیر کر لیا۔

جناب والا ۔ آپنے اور جناب ڈپٹی سپیکر نے انتہائی غیر معمولی حالات میں اپنا منصب سنبھالا ہے اسوقت بلا شبہ مارشل لا کی تاریک شام ڈھل چکی ہے اور جمہوریت کی صبح طلوع ہو گئی ہے لیکن جمہوریت کی یہ صبح ابھی تک ملگجی ہے بلکہ کہر آلود ہے ۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ بنیادی حقوق عبوری دستور کے باوجود معطل کر دئیے گئے ہیں ۔ آزادی تحریر و تقریر پر ابھی تک قدغن ہے حق گو صحافی نذر زندان ہیں ۔ عدل خوشحالی کا خواب سراب ثابت ہو رہا ہے

Mr. Speaker: The learned speaker should confine himself to the scope of the discussion. It is not a general debate.

سید تابش الوری۔ میں جناب کو یاد دلاؤں کہ آپ حزب اقتدار اور حزب اختلاف کے مشترکہ صدر ہیں اور اسی حیثیت سے اس ملک میں جمہوریت صحیح اقدار اور پارلیمانی نظام کی تابندہ روایات ایک بار پھر روشن کرینگے تاکہ اس ملک میں جمہوریت ، جمہوریت کاملہ کی حیثیت سے نافذ ہو جائے ۔

میں بہاولپور کے ۴۳ لاکھ ستم زدہ استحصال زدہ اور مظلوم عوام کی جانب سے آپکی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے ماضی کی حق تلفیوں اور ناانصافیوں کے الم ناک پس منظر میں حالیہ انتخابات کے دوران لاٹھی چارج آنسوگیس اور فائرنگ کی منزلوں سے گزر کر بہاولپور کی

صوبائی حیثیت کے حق میں فیصلہ صادر کر دیا ہے - انکی نظریں بلکہ سارے پنجاب کی نظریں آپ پر لگی ہوئی ہیں -

Mr. Speaker—The Mambei has not come out here with a resolution. Please confine yourself to the scope of the discussion.

سید تابش الوری — میں جناب والا سے پھر یہ گذارش کر رہا ہوں کہ عوام کی نظریں آپ پر لگی ہوئی ہے -

Mr. Speaker—The Member should please resume his seat.

(مداخلت)

سید تابش الوری — آپ اس ایوان کی رو سے زیادہ عظیم شخصیت کی حیثیت سے انکے مفادات اور حقوق کا تحفظ کریں -

میاں منظور احمد موہل (بہاول نگر - ۶) جناب سپیکر - آپکو اور جناب ڈپٹی سپیکر کو ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں -

Mr. Speaker—One minute Please.

اب آپ ڈپٹی سپیکر صاحب کو ہدیہ تبریک پیش کریں کیونکہ میں تو آپکا جواب نہیں دونگا - ایسا نہ ہو کہ آپکی جو مبارکباد موصول ہوں وہ یک طرفہ ہو جائیں -

میاں منظور احمد موہل — جناب والا حقیقی طور پر میں جناب ڈپٹی سپیکر صاحب ہی کو مبارکباد دیتا ہوں کیونکہ میں نے انکے مقابلے پر اپنے کاغذات نامزدگی داخل کئے تھے اور ان کے داخل کرنے کا سبب یہ تھا کہ پارٹی نے آپکے متعلق ہمیں بر وقت مطلع نہیں کیا تھا - جسکی بنا پر ہمیں غلط فہمی تھی اور ہم نے اسوقت تک کوئی فیصلہ بھی نہیں کیا تھا - یہ اسباب تھے جنکی بنا پر میں نے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کر دئے تھے - مگر جب پارٹی کی طرف یہ طے ہوا کہ پارٹی نے شمیم احمد خان صاحب کو ڈپٹی سپیکر منتخب کر لیا ہے تو میں نے اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے لئے اور صدق دل سے انہیں ڈپٹی سپیکر تسلیم کر لیا - تو اب میں اپنی طرف سے انکی خدمت میں دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں - لیکن ساتھ ہی ساتھ میں اپنے معزز دوست سید تابش الوری صاحب کی خدمت میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اے میرے دوست میں بھی بہاولپور ہی سے تعلق رکھتا ہوں - یہ بھی آپکو بتلا دوں کہ وہاں کے عوام قریب قریب متفق اور متحد ہیں اور وہ جناب والا - متحدہ محاذ

مسٹر سپیکر — آپ اس وقت یہ باتیں نہ کریں ۔

ایک معزز رکن —انہیں یہ کیسے اجازت دی جا رہی ہے کہ وہ اس موضوع کو زیر بحث لائیں ۔

(مداخلت)

میاں منظور احمد موہل — جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہاں پاکستان پیپلز پارٹی کے چھ اراکین منتخب ہوئے ہیں ۔ اور تین قیوم لیگ کے منتخب ہوئے ہیں ۔ اس طرح سے کل نو ہوئے ۔ اسی طریقے سے آزاد ممبران منتخب ہوئے ۔ لیکن آج یہ جو نعرہ لگایا جا رہا ہے کہ ہم متحدہ محاذ سے کامیاب ہوئے ہیں تو اس سلسلے میں جناب والا میں ایوان کو یہ بتلا دینا چاہتا ہوں کہ وہاں پر ان ہی افراد کی اکثریت ہے جو پنجاب کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر — تشریف رکھیں ۔

حاجی محمد سیف اللہ خاں — جناب والا ۔ میرا یہ موضوع نہ تھا انہوں نے ایک چیز کا سوال اٹھایا تھا Point of personal explanation کے طور پر میں یہ عرض کروں گا کہ اکثریت تو متحدہ محاذ کے ساتھ ہے ۔ ۱۸ ممبران میں سے ۹ ممبران متحدہ محاذ سے تعلق رکھتے ہیں ۔ باقی کوئی جماعت سرکاری طور سے اکثریت claim نہ کرے کہ بہاولپور کے عوام علیحدہ صوبہ چاہتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر — آپ کی بات ہو گئی ہے ۔ تشریف رکھیں ۔

(مداخلت)

بیگم بلقیس حبیب اللہ —جناب والا میں بہاول پور سے تعلق رکھتی ہوں اور میں یہ عرض کرتی ہوں کہ بہاول پور کے عوام علیحدہ صوبہ نہیں چاہتے ہیں اور متحدہ محاذ والوں کا یہ دعویٰ بالکل بے بنیاد ہے ۔ میں صاحب سپیکر سے یہ کہوں گی کہ ان لوگوں نے ہمارے عوام کے اندر علیحدگی کا تاثر خواہ مخواہ پیدا کر دیا ہے ۔ میں آپ کو یقین دلاتی ہوں کہ ہم ان دھاندلیوں کو قبول نہیں کریں گے ڈکٹیٹر شپ نہیں چلے گی ہم ان کے خلاف لڑیں گے اور ان کو ختم کر کے رہیں گے۔

(اس مرحلے پر ایک معزز رکن پوائنٹ آف آرڈر پر بولنے کیلئے کھڑے ہوئے)

مسٹر سپیکر۔ جب سپیکر بول رہا ہو تو اس وقت کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہوتا آپ تشریف رکھیں۔ جذبات اپنی جگہ پر بڑے لازمی ہوتے ہیں۔ لیکن مجھے اس بات پر فخر ہے کہ جتنی میں نے تقریریں موچی دروازے میں کی ہیں شائد ہی کسی اور نے کی ہوں۔ لیکن یہ جو فرائض ہمارے سپرد ہوئے ہیں اس وجہ سے یہاں تقریر کرنے کا اور ڈھنگ ہے اور موچی دروازے میں اور قسم کی تقریریں ہوتی ہیں اس لئے میں یہ گزارش کرونگا کہ یہ جو فرائض اب ہمارے ذمے سپرد ہوئے ہیں ان کو اس طرح سے ادا کریں جس طرح سے ادا کرنے کا حق ہے۔

مسٹر محمد حنیف شاہ۔ جناب والا میرے دوستوں نے بہاول پور کے متعلق کچھ فرمایا ہے میں اس کے متعلق کچھ گزارشات پیش کرنا چاہتا ہوں۔

مسٹر سپیکر۔ آپ Point of Personal Explanation پیش کر سکتے ہیں مگر جہاں تک Point of Personal Explanation کا تعلق ہے تو پھر جتنے بہاولپور والے ممبر ہیں وہ سب Point of Personal Explanation پر بولیں گے۔

مسٹر محمد حنیف شاہ۔ مرکزی اسمبلی میں بھی ان کی اکثریت نہیں ہے یہ بات غلط ہے۔

(شوروغل)

مسٹر سپیکر۔ کیا آپ ڈپٹی سپیکر کو مبارک باد دینا چاہتے ہیں ؟

(مداخلت)

اس میں مشکل یہ ہے کہ ایک دوست جو حزب اختلاف میں بیٹھے ہیں ۔ انہوں نے اس موضوع کو چھیڑا میں ان کو دو تین منٹ تک بند کرتا رہا مگر وہ دو تین منٹ میں جو کچھ کہنا چاہتے تھے کہہ گئے ۔ اس طرح معلوم ہوتا ہے کہ حزب اقتدار میں بہاول پور کے جو ممبر ہیں وہ اس کی تردید کرنا چاہتے ہیں ۔ پھر ایک فاضل رکن نے Point of Personal Explanation کے طور پر پوری تقریر کر دی جو

کوئی Point of Personal Explanation نہیں تھا اس لئے میں نے اس وقت بھی عرض کیا تھا کہ وہ تقریریں جو باہر کی جاتی ہیں ۔ ان کا انداز اور ہوتا ہے اور اس ایوان میں تقریر کرنے کا انداز اور ہوتا ہے Point of Personal Explanation کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ تقریر کر دی جائے اور پوائنٹ آف آرڈر کا بھی یہ مطلب نہیں ہوتا کہ تقریر کر دی جائے ۔ فاضل ممبر کا وہ Point of Personal Explanation نہیں تھا بلکہ وہ Political Explanation تھا جو کہ میں سمجھتا ہوں بالکل غلط تھا ۔ اب اس کا مطلب یہ نہیں کہ حزب اقتدار کے وہ دوست جو خاص طور سے بہاولپور سے تعلق رکھتے ہیں لازمی طور پر ان کو یہ کہنے کا حق ہے کہ بہاولپور کے لوگ پنجاب کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں ۔ اس موضوع پر یہاں اور قومی اسمبلی میں جب بھی موقع ہو گا ۔ ممبر صاحبان بہت سی تقریریں کر سکیں گے ۔ تفصیل کے ساتھ حقائق کو پیش کر سکیں گے صوبے کے بنائے جانے کے جو مسلمہ اصول ہیں یا کسی ملک کے اتحاد کے لئے جو مسلمہ اصول ہیں ان پر فاضل اراکین اپنے اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں گے۔ آپ کی بات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ یہاں کی اکثریت کے لحاظ سے بہاول پور کا علیحدہ صوبہ نہیں ہونا چاہئے ۔ لیکن میں ان کی بات کو over rule کر چکا ہوں اور اس معزز رکن کو تقریر کرنے سے منع کر دیا تھا ۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ وہ پھر بھی کچھ کہہ گئے ۔ لیکن میں یہ چاہتا ہوں کہ اس چیز کو ختم کر دیں ۔ آپ کا کھڑے ہونا بھی میں سمجھتا ہوں کہ سب اراکین کو محسوس ہو گیا ہو گا اور بہت سے اراکین کی رائے ہے کہ اس مسئلہ کو اب ختم کر دیا جائے ۔

میاں خورشید انور۔جناب والا ۔ حزب اختلاف جو یہاں ہے وہ خود بھی اس مسئلے پر متفق نہیں ہے ۔ یہاں یہ تاثر دیا جا رہا ہے کہ بہاول پور کا متحدہ محاذ اس مسئلہ کو ہوا دے رہا ہے ہمارا مطلب یہ نہیں ہے اور میں تمام دوستوں سے عرض کروں گا کہ یہ ہمارے دائرہ اختیار میں نہیں ہے کہ ہم کسی صوبے کو یا کسی ضلع کو علیحدہ کر سکیں ۔ یہ کام قومی اسمبلی کا ہے اس لئے یہاں اس مسئلہ پر بحث نہ کی جائے ۔

ایک معزز رکن۔جناب والا یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ قائد ایوان اس وقت ہاؤس میں بیٹھے ہوئے ہیں اور پنجاب کے نامزد وزیر

اعلیٰ بھی ہیں تو میں ان سے درخواست کروں گا کہ جس طرح مفتی محمود صاحب نے صوبہ سرحد میں وزیر اعلیٰ نامزد ہوتے ہی شراب . . .

(شور)

مسٹر سپیکر—یہ میں اجازت نہیں دے سکتا کہ موضوع زیر بحث کی بجائے کسی دوسرے موضوع پر تقریر کی جائے ۔ اس لئے آپ تشریف رکھیں ہم سب مسلمان ہیں اور اسلام کا احترام کرتے ہیں ۔ آپ اس کے لئے کوئی رِزولیوشن یا کوئی بل لائیں ۔

آپ تو ایک گروپ کے لیڈر ہیں ۔ اس لئے آپ کو اس بات کا زیادہ احساس ہونا چاہئے کہ کچھ چیزیں جو یہاں پیش ہوئیں ۔ ان پر بحث کرنے کے یہاں کچھ اسلوب یا طریقے ہیں ۔ کم از کم جب مجھے مبارکباد دی جا رہی تھی تو میرے دوست جو میری اس طرف بیٹھے ہیں ۔ اور ان کے مقابل میں جو میرے اس ہاتھ بیٹھے ہیں ۔ یہ خاص طور پر ان تمام اصولوں کو بہتر سمجھتے ہیں ۔ لیکن ان کی طرف سے اگر یہ باتیں ہوتی رہیں ۔ تو دنیا بھر میں یہ ایک مسلمہ روایت بن جائیگی ۔ اگر اپوزیشن والے معاہدہ توڑیں گے ۔ تو حزب اقتدار کی ہمیشہ اکثریت ہوتی ہے ۔ اور ان کو معاہدہ توڑنے میں ہمیشہ آسانی ہوتی ہے ۔ وہ جب چاہیں گے موقع ہو یا نہ ہو ان کو قانون شکنی کا موقع مل سکے گا ۔ اس لیے حزب اختلاف کے اراکین کو اس سلسلے میں مجھ سے زیادہ تعاون کرنا چاہئے ۔ جس سے ان کے حقوق کی نگہداشت صحیح طور پر ہو سکتی ہے ۔ ہم آئین وضوابط کے مطابق اسی صورت میں بہتر طریق پر چل سکتے ہیں ۔ جب حزب اختلاف اور حزب اقتدار اپنی بات منوانے کیلئے آئینی طریقے استعمال کریں ۔ حزب اقتدار کے پاس تو اکثریت ہوتی ہے ۔ وہ قواعد کے مطابق بات کرے وہ قواعد کے مطابق بات نہ کرے اس کیلئے بڑی آسانیاں ہیں ۔ لیکن ان کی اکثریت کو روکنے کیلئے ان کا مقابلہ آئینی طور پر کرنے کیلئے اپنے جائز فرائض کی انجام دہی کے سلسلے میں بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا ۔

(مداخلت)

ایک معزز رکن ۔ وزیر اعلیٰ خود اس بات کا اعلان کر سکتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ Please resume your seat.

Mr. Abdul Hafiz Kardar (Lahore II) : Sir, I may be allowed to extend my most heartiest felicitations to Mr. Shamim Ahmad for his election as the Deputy Speaker of this House. I thought, Mr. Speaker, that at a time when the Nation was standing at cross-roads, we would have learnt a lesson of talking in terms of unity but what is a great pity is that Yahya Khan has dismembered Pakistan, and today we have come to a state that we hear discussions on points being raised on the basis of division of this Province. I think this is a subject which no one should raise at this time. Sir I was referring to.

علامہ رحمت اللہ ارشد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ آپ اس بات پر رولنگ دے چکے ہیں کہ اس موضوع پر کوئی گفتگو نہیں ہو گی ۔ اس لئے میں معزز ممبر سے درخواست کروں گا کہ وہ اس موضوع کو نہ چھیڑیں میں ان کا احترام کرتا ہوں ۔۔

مسٹر سپیکر ۔ میں پوائنٹ آف آرڈر سننے سے پہلے سمجھ گیا ہوں ۔

(قہقہہ)

سید تابش الوری ۔ مسٹر سپیکر میرے فاضل دوست نے آپ کی اجازت کے بغیر انگریزی میں تقریر کی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں نے آپ کا پوائنٹ آف آرڈر سمجھ لیا ہے بات یہ ہے کہ رولز آف پروسیجر میں جو لکھا ہے وہ صحیح ہے لیکن آئین میں بھی ایک پرویژن ہے ۔ تو جب تک میں کسی کو انگریزی میں تقریر کرنے سے منع نہ کروں میری طرف سے اجازت تصور کی جائے ۔ اگر میں نے منع نہیں کیا تو میری طرف سے اجازت ہو گی ۔ میں نے آپ کو منع کر دیا ۔ میں نے آپ کو کہا کہ آپ تشریف رکھیں اسلئیے اگر میں منع نہ کروں تو اجازت سمجھی جائے ۔۔

ایک معزز رکن ۔ جناب والا ۔ کئی ممبر صاحبان اردو کی بجائے انگریزی میں تقریر کرنا پسند فرماتے ہیں ۔۔

Mr. Abdul Hafiz Kardar : Sir, I was pleading for the unity and I appeal through you to the members of the House that they should work for unity and not for dismemberment of the country. I was saying that it is a great victory that democratic forces in this country are working successfuly and we are here today to deliberate on what is going to be the future of this

country, and with the help of the Leader of the Opposition, as I have already said, we can make the province of the Punjab an example. We should set an exmple of democratic traditions and build up a socio-economic system for which we fought long against not only the forces of feudalism, of military dictatorship but also of capitalists. (Applause).

Mr. Speaker : I want to point out that this discussion will close at 11-55 a. m. I want to know if Mr. Shamim Ahmad Khan would like to speak.

Ch. Muhammad Yaqoob Awan : Sir, you promised to give some more time.

Mr. Speaker : That is why I am telling the hon'ble members.

سید تابش الوری -- جناب والا میں آپ کی توجه دفعه ۱۸۸ کی طرف مبذول کراتا ہوں جس میں کہا گیا ہے --

"Members shall ordinarily address the Assembly in Urdu but any member who cannot adequately express himself in Urdu, may, with the permission of the Speaker, address the Assembly in English or other recognized language of the province"

ABDUL HAFIZ KARDAR : May I now finish and sit by congratulating you and, through you, Mr. Shahim Ahmed Khan, and trust that under your Chairmanship, and whenever you are not available, under his Chairmanship, this House will establish the biggest traditions of the high office.

چوددری محمد یعقوب اعوان - معزز اراکین اسمبلی جناب صاحب صدر جناب لیڈر آف دی ہاؤس اینڈ لیڈر آف دی اپوزیشن ---

ایک معزز رکن - جناب والا مجھے اس بات پر اعتراض ہے - که انہوں نے لیڈر آف دی اپوزیشن کو مخاطب کیا ہے -

مسٹر سپیکر - قائد حزب اختلاف کو مخاطب نه کیا جائے یه ان کا اعتراض صحیح ہے آپ تشریف رکھیں - کوئی ممبر بھی اراکین اسمبلی کو مخاطب نہیں کر سکتا - صرف سپیکر کو مخاطب کیا جاتا ہے -

CHAUDHRI MUHAMMAD YAQUB AWAN : Sir I would like to speak in English. I have already been given permission to speak in English......

ایک ممبر - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا وہ لکھی ہوئی تقریر پڑھ رہے ہیں -

CH. MUHAMMAD YAQUB AWAN : What does the humble member want ? (interruptions) He should please trust me. Mr. Speaker, I would request that everybody must respect the procedure of this august House. I think I must congratulate my brother Sh. Rafiq Ahmed along with Mr. Shahim Ahmed, because I was not given an opportunity earlier to congratulate him (interruptions). What does he want ?

MR. SPEAKER : Please continue with your speech.

CH. MUHAMMAD YAQUB AWAN : I convey my congratulations to Mr. Shamim, who is my apprentice and junior, through Mr. Speaker and I think this House, which is unique for two reasons; firstly it has been elected by adult franchise after a lapse of 17 years, and secondly, it is holding its session under no Martial Law coverage. It is holding its session when the Martial Law has been finally lifted. (interruptions). Sir what is your ruling ?

MR. SPEAKER : If you want to speak in English you may continue. But if you like to translate it into Urdu, we would welcome that also.

MR. MUHAMMAD YAQUB AWAN : I think the emergence of this democratic institution in the Punjab is like a new moon on the western horizon of the sub-continent, and I expect that it will shed its light into the dark cottages of the poorer sections of the society, I am confident that it will flourish under the leadership of Mr. Zulfiqar Ali Bhutto which, like a morning star. when it goes high the darknesses will fade away and light will take its place. I am sure that with this levelled ground, you can achieve the ideal of Islamic socialism, the cherished goal of the Pakistan Peoples Party.

MR. SPEAKER : Would Mr. Shahim like to speak ?

مسٹر ڈپٹی سپیکر - (شمیم احمد خان) مسٹر سپیکر - میں ہاؤس کے تمام معزز اراکین کا بہت مشکور ہوں کہ انہوں نے مجھ پر مکمل طور پر اعتماد کا اظہار کیا ہے اور میں اس موقعہ پر انہیں یقین دلاتا ہوں کہ جو توقعات انہوں نے مجھ سے وابستہ کی ہوں میں پوری طرح کوشش کروں گا - کہ ان توقعات کے مطابق اس ایوان میں خدمات سر انجام دوں -

جناب والا ۔ اس موقع پر میں اپنی پارٹی کے اراکین اور پارٹی کے قائد کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اور انہیں بھی یقین دلاتا ہوں کہ انہوں نے جس نقطہ نظر سے مجھ پر اتنی بڑی ذمہ داری اس معزز ایوان میں ڈپٹی سپیکر کی حیثیت سے ڈالی ہے جس کا وزن میں سمجھتا ہوں بہت زیادہ ہے اور میرے کندھے اسکی نسبت بہت کمزور ہیں میں کوشش کروں گا کہ اس بڑی ذمہ داری کو اس ایوان کی روایات کے مطابق ۔ اس ایوان کی تاریخ کے مطابق سر انجام دوں ۔ شکریہ ۔

حاجی محمد سیف اللہ خان ۔ جناب والا ہمیں جو ایجنڈا بھیجا گیا تھا اس میں ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کے بعد ۶-۷-۸-۹ اور ۱۰ آئٹم پر سٹینڈنگ کمیٹی کے الیکشن درج تھے ۔ اور اب جو ایجنڈا ہمیں دیا گیا ہے اس کو صرف ۶ آئٹمز تک محدود رکھا گیا ہے اس میں الیکشن ملتوی کر دیئے گئے ہیں حالانکہ قواعد و ضوابط میں کوئی پرویژن ایسی نہیں ہے جو سیکرٹری اسمبلی کو یہ اختیار دے یا کسی اور عہدے دار کو یہ اختیار دے کہ جو ایجنڈا اسمبلی کی طرف سے جاری ہو جائے اور ممبران کے پاس پہنچ جائے اسے یک قلم وہ خود ہی منسوخ کر دے ۔ بہرحال مجھے اس سارے ضابطے میں کوئی پرویژن ایسی دکھائی نہیں دی جس میں ایسا اختیار دیا گیا ہو ۔ اس لئے میں جناب سے استدعا کرتا ہوں کہ جو ایجنڈا ممبران کو جاری ہو چکا ہے اس پر پابندی فرمائی جائے اور سٹینڈنگ کمیٹیوں کے انتخابات جو سیکرٹری اسمبلی نے مقرر کئے ہیں ان کا آج انتخاب کیا جائے ۔

Mr. Speaker : I hope my friends will be more vigilant next time.

جو ترمیم شدہ ایجنڈا آیا ہے میں سمجھتا ہوں یہ چند لمحے پہلے آپ کو مل چکا ہے ۔

He could have raised his objection at that time.

لیکن آپ کی اطلاع کے لئے میں یہ کہہ دینا مناسب سمجھتا ہوں کہ اگر وہی ایجنڈا رہتا تب بھی کوئی انتخاب نہیں ہو سکتا تھا

کیونکہ کسی ممبر نے ان انتخابات کے لئے کاغذات نامزدگی داخل نہیں کئے ہیں -

I h]e that he would be seeking more information next time and will be more vigilant.

Now, the House stands adjourned *sine die*

(The Assembly then adjourned *sine die.*)